

# قدم بڑھاؤ

اردو کی درسی اور عملی کتاب برائے ابتدائی درجہ ۲

میعاد اوّل
میعاد دوم

## رہنمائے اساتذہ




یکساں قومی نصاب ۲۰۲۲ کے مطابق

نام: ______ سیکشن: ______ سکول: ______

آرمی پبلک اسکولز اینڈ کالجز سسٹم

ARMY PUBLIC SCHOOLS & COLLEGES SYSTEM APSACS
I SHALL RISE AND SHINE

# علامات

مندرجہ ذیل Strands علامات کے ساتھ تدریسی عمل میں شامل کیے گئے ہیں:

- **اخلاقی اقدار:** اقدار میں جو اعلیٰ صفات شامل ہیں، ان میں غیر جانب داری، ایمان داری، رحم دلی، احساس ذمّہ داری، عفوودرگزر، فرمانبرداری، باہمی شراکت اور دیکھ بھال شامل ہیں۔ والدین اور اساتذہ کی اوّلین ذمّہ داری ہے کہ وہ شعوری طور پر ان صفات کو اپنے بچوں میں دورانِ پرورش اُجاگر کریں تاکہ یہ صفات بچوں کو اُن کی زندگی میں خیروشر کی تمیز اور بہتر فیصلے کرنے میں مددگار ثابت ہوں۔
- **حب الوطنی:** بچوں میں حب الوطنی اور وطن سے محبت کے جذبات کو اُجاگر کرنا۔

## اکیسویں صدی کی مہارتیں:

- **اکیسویں صدی کی مہارتیں:** زندگی میں کامیابی اور بہترین کارکردگی کے لیے اکیسویں صدی کی مہارتِ حیات (Life Skills) بہت ضروری ہیں۔ اساتذہ کے لیے لازم ہے کہ شعوری کوشش کرتے ہوئے مختلف ہدایات اور سرگرمیوں کے ذریعے بچوں میں ان مہارتوں کی نشوونما کی جائے۔ سلیبس بریک اپ میں جہاں یہ علامات موجود ہوں، اساتذہ بچوں کی گفت و شنید، تقریری و تحریری، سوچ بچار اور مسائل کو حل کرنے کی صلاحیتوں کی نشوونما کے لیے ان کے انفرادی اظہارِ خیال، دوسروں کے نکتۂ نظر کو سُننے، گروہی کام، پیئر ورک اور اجتماعی تبادلہ خیال وغیرہ جیسی سرگرمیوں کو اپنے طریقۂ تدریس کا لازمی جزو بنائیں۔
- **تنقیدی صلاحیتیں:** تنقیدی نوعیت کے سوالات کی نشان دہی کی گئی ہے۔ اس طرح کے سوالات پر بچوں کی تنقیدی اور سوچ بچار کی صلاحیتوں کو ابھارا جائے اور بچوں سے اس قسم کے سوالات پر تفصیلاً تبادلہ خیال کیا جائے۔ بچوں کی حوصلہ افزائی کی جائے کہ وہ بھی اس طرح کے مزید سوالات پوچھیں۔
- **تقریری صلاحیتیں:** بچوں کی تقریری صلاحیتوں کو فروغ دینا۔
- **مِل جُل کر کام کرنا:** مِل جُل کر کام کرنے کی اہمیت و افادیت سے آگاہ کرنا۔
- **تخلیقی صلاحیتیں:** تخلیقی صلاحیتوں کی نشوونما کرنا۔
- **ICT / Digital Literacy:** بچوں کو اکیسویں صدی کی درپیش آزمائشوں کے لیے تیار کرنے کے لیے نصاب میں ICT پر مبنی سرگرمیاں شامل کی گئی ہیں۔
- **حفاظت:** بچوں میں قدرتی اورناگہانی و حادثاتی آفات کے بارے میں آگاہی پیدا کرنا۔
- **مہارتِ حیات:** طلبہ کو روزمرّہ زندگی کے مطالبات اور چیلنجوں سے مؤثر انداز میں نمٹنے کے قابل بنانا۔

## ہدایات برائے اساتذہ:

- نئی جماعت میں آنے پر بچوں کو خوش آمدید کہا جائے۔ اساتذہ تمام بچوں سے واقفیت حاصل کریں۔ کوشش کیجیے کہ کلاس کا ماحول دوستانہ ہو اور بچے نئی جماعت میں جلدی گُھل مِل جائیں۔ بچوں کو السلام علیکم وعلیکم السلام کہنا سکھائیں۔ اپنا تعارف کروائیں۔ تمام بچوں کو ایک دوسرے سے متعارف کروائیں۔ بچے اپنا نام اور اپنی پسندیدہ اشیا کے بارے میں بتائیں مثلاً پسندیدہ پھل، رنگ، موسم اور کھیل وغیرہ۔ بچوں سے اسکول آنے سے پہلے کی تیاری کے بارے میں پوچھیں۔ گھر میں بچوں کی مصروفیات اور دن کے معمولات کے بارے میں پوچھیں۔

ARMY PUBLIC SCHOOLS & COLLEGES SYSTEM
RESTRICTED
I SHALL RISE AND SHINE

- اسکول میں دن کیسا گزرا پر تبادلہ خیال کریں اور پوچھیں کہ کون سی سرگرمی پسندیدہ ہے۔
- بچوں کی صوابدید پر جماعت کے اصول بنائے جائیں جیسا کہ جماعت کو صاف رکھنا، چیزوں کو استعمال کر کے واپس رکھنا، مِل جُل کر کام کرنا، ایک دوسرے کی چیزوں کو پوچھ کر استعمال کرنا، اپنی باری کا انتظار کرنا، کتابوں کی حفاظت کرنا، وغیرہ۔
- گوشۂ اُردو مرتّب کیا جائے۔ تدریسی معاونت کے لیے فلیش کارڈز، سلیٹ، ریت کی ٹرے، پلے ڈو، پرانے اخبار، رکھے جائیں۔ بچوں کو گوشۂ اُردو سے روشناس کروایا جائے اور بچوں کی مہارتیں اُجاگر کرنے کے لیے گوشۂ اُردو کا استعمال طریقہ تدریس میں مؤثر طور پر باقاعدگی سے شامل کیا جائے۔ اُردو کہانیوں کی کتابیں "گوشۂ اُردو" میں بچوں کے لیے دستیاب ہوں۔ اپنی منصوبہ بندی میں نظمیں / کہانیاں شامل رکھیے۔ علاوہ ازیں بچوں میں اخلاقی اقدار کو فروغ دینے کے لیے مختلف سبق آموز کہانیاں باقاعدگی سے سنائی جائیں، ویڈیو دکھائیں اور مکالمہ / رول پلے کروائیں۔ چند کہانیوں کے نام دیے جا رہے ہیں: جھوٹ نہ بولنا، ایک لڑکا اور شیر، لالچ نہ کرنا، لالچی کسان اور سونے کے انڈے، ہمت نہ ہارنا/ کوشش جاری رکھنا، ایک کچھوا اور خرگوش، دوسروں کا احساس کرنا اور ان کی مدد کرنا، دوسروں کا مذاق نہ اڑانا، چوہا اور شیر، اپنی مدد آپ، پیاسا کوا، اتفاق میں برکت ہے، کسان اور اس کے پانچ بیٹے وغیرہ۔
- بچوں کو اپنی کہانیاں اور نظمیں بنانے کی ترغیب دیں۔
- سبقی خاکے کے آغاز پر مختلف سوالات کے ذریعے بچوں کی سابقہ واقفیت کا جائزہ لیا جائے۔ حُروف کے طریقہ تدریس کے لیے حرف کی آواز، حرف کا نام اور حرف کی شکل متعارف کروائی جائے اور اُردو کے ذخیرہ الفاظ کو حُروف کی آوازوں کے ذریعے متعارف کروایا جائے۔ پیریڈ کے دوران یا شروع میں الف سے ے تک حُروفِ تہجی اور ذخیرہ الفاظ کی اعادہ بذریعہ گیت ضرور کروائیں۔ اس سے بچوں کے ذخیرہ الفاظ میں نمایاں بہتری آنے کے ساتھ ساتھ اضافہ بھی ہوگا۔ صوتی پہچان کے لیے ویڈیو دیکھیں۔

  https://www.youtube.com/watch?v=vntpR2cF5tE

- کام شروع کرنے سے پہلے بچوں کو مقاصد تدریس (Objectives) سے آگاہ کریں (زبانی) تاکہ بچے جان سکیں کہ وہ اس دن کیا کام کریں گے اور پیریڈ کے اختتام پر وہ کیا سیکھیں گے۔

ARMY PUBLIC SCHOOLS & COLLEGES SYSTEM RESTRICTED I SHALL RISE AND SHINE

# قدم بڑھاؤ

## برائے ابتدائی درجہ ۲

## میعاد اول

ARMY PUBLIC SCHOOLS & COLLEGES SYSTEM
I SHALL RISE AND SHINE
RESTRICTED

# باب ا

**ذرائع:** تختۂ تحریر، فلیش کارڈز، درسی کتاب، موبائل / لیپ ٹاپ / کمپیوٹر، سلیٹ، چارٹ پیپرز، رنگین پنسلیں، پینٹ، برش، اصل اشیا

**مہارتیں:** پہچان، سُننا، بولنا، پڑھنا،لکھنا، ذخیرہ الفاظ

**تدریسی تجاویز:**

## اعادہ۔ درسی کتاب صفحات1-6

- بچوں کو 'ا' سے 'ے' نظم کی ویڈیو موبائل ،لیپ ٹاپ یا کمپیوٹر پر دکھائیں۔

  https://youtu.be/oSMdVJ4NNvk

- بچوں کو 'ا' سے 'ے' تک حُروفِ تہجی تختۂ تحریر، فلیش کارڈز، اصلی اشیا اور مختلف چیزیں دکھا کر صوتی اور بصری پہچان کروائیں۔
- قدم بڑھاؤ درسی کتاب صفحات 1-6 کے ذریعے اعادہ کروائیں۔
- چیونٹی کو اس کی کرداری خصوصیات، مستقل مزاجی، نظم و ضبط، اتحاد، منصوبہ بندی، کوشش و محنت اور معاشرے کی تعمیر میں اپنا حصّہ ڈالنے کے باعث علامت کے طور پر کتاب میں شامل کیا گیا ہے۔

## حرف 'ا'۔ درسی کتاب صفحہ 7

- **مقاصد:** حرف کی صوتی اور بصری پہچان، لکھائی اور ذخیرہ الفاظ

  **سرگرمی:** 'ا' سے 'ے' نظم گائیں۔ بچوں کو الف کا تعارف ویڈیو کے ذریعے کروائیں۔ ویڈیو موبائل، لیپ ٹاپ یا کمپیوٹر پر دکھائیں۔

  https://youtu.be/_rh11ybQeDM

- حرف الف کا تعارف اصلی انڈا دکھا کر کروائیں۔ انہیں بتائیے کہ انڈا کھانے سے ہمیں طاقت ملتی ہے۔ پھر بتائیے کہ "انڈا" 'ا' سے شروع ہوتا ہے۔ صوتی پہچان کروائیں ا، ا، انڈا۔
- 'ا' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف کروائیے جہاں ممکن ہو تصاویر اور اصل اشیا دکھائیے اور چیزوں کا استعمال بھی بتائیے۔ درسی کتاب صفحہ نمبر 7 میں 'ا' سے شروع ہونے والے الفاظ کی درست تلفّظ کے ساتھ بلند خوانی کروائیے۔ دی گئی تصویر میں رنگ بھروائیے۔

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **ذخیرہ الفاظ:** | اللہ | انگور | استری | اخبار | ادرک | امرود | انگوٹھی | اندھیرا | اخروٹ |

- **نوٹ:** تمام ذخیرۂ الفاظ کو Sight Words کے طور پر پڑھایا جائے اور بلندخوانی کروائی جائے۔ جہاں ممکن ہو تصاویر اور اصل اشیا دکھائیے۔
- ا سے شروع ہونے والے نام پوچھیے۔ احسن، اقبال، احمد 
- اگر نگر کے میاں مگر مچھ بچوں کے ساتھ مِل کر پڑھیں۔ نظم آپ سو رہے ہیں بھائی جان بچوں کے ساتھ مِل کر گائیے۔
- حرف 'ا' کو تختۂ تحریر پربڑا کر کے لال رنگ سے لکھیں تاکہ بچوں کی نظر فوراً اس پر جائے۔ بچوں کو لکھائی کے رخ کی ہدایت دیجیے۔ تختۂ تحریر پر مشق کروائیں۔ ریت کی ٹرے میں، درسی کتاب صفحہ نمبر 7 پر 'ا' لکھوائیں۔ دی گئی تصویر میں رنگ

ARMY PUBLIC SCHOOLS & COLLEGES SYSTEM
RESTRICTED
I SHALL RISE AND SHINE

بھروایئے۔

- قدم بڑھاؤ عملی کتاب صفحات 3-1 کروائیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ لفظ 'اللہ' 'ا' سے شروع ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے دنیا بنائی ہے اور سب پھول اور پھل اللہ تعالیٰ نے ہی ہمارے لیے بنائے ہیں اس پر ہمیں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا چاہیے۔
- اللہ تعالیٰ کی تعریف پر کوئی حمد بچوں کو سنائیں۔

## جسم کے اعضا۔ میری پہچان درسی کتاب صفحات 9-8

**مقاصد:** خیالات کا اظہار کرنا، اجتماعی اور انفرادی طور پر سوالوں کے جواب دینا۔

- معلّمہ بچوں کو جسم کے مختلف اعضا کے نام اور کام / استعمال سے آگاہ کریں۔ درسی کتاب صفحہ نمبر 8۔

بچوں کو Body Protection کے بارے میں آگاہ کریں۔ کسی اجنبی سے بات نہ کرنا، اجنبی کے پاس نہ جانا، کسی اجنبی سے کوئی چیز لے کر نہ کھانا پر تبادلہ خیال کریں اور مناسب ویڈیو بھی دکھائی جائے۔

درسی کتاب صفحہ نمبر 8 پر بچوں کا دھیان چیونٹی پر دلوائیں اور پوچھیں کہ چیونٹی کیا کر رہی ہے؟ چیونٹی کی حرکات پر تبادلہ خیال کریں اورورزش کے فوائد بتائیں۔

**سرگرمی:** درسی کتاب صفحہ نمبر 9 پر Thumb Printing کے ذریعے چہرہ بنائیں۔

بچے اپنے بارے میں چند جملے بنائیں ۔

بچے اپنے احساسات کا اظہار کریں جیسا کہ خوشی، اداس، رونا، ہنسنا، غصہ وغیرہ۔

بچوں سے پوچھا جائے کہ وہ کب خوش ہوتے ہیں اور کب اداس ہو جاتے ہیں؟ انہیں غصہ کیوں آتا ہے؟

## حرف 'آ'۔ درسی کتاب صفحہ 10

- **مقاصد:** حرف کی صوتی اور بصری پہچان، لکھائی اور ذخیرہ الفاظ
- حرف 'آ' کا تعارف اصلی آم یا فلیش کارڈ دکھا کر کیجیے۔ صوتی پہچان آ، آ، آم کروایئے۔
- 'آ' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف کروایئے۔ درسی کتاب صفحہ نمبر 10 میں 'آ' سے شروع ہونے والے الفاظ کی درست تلفّظ کے ساتھ بلند خوانی کروایئے جہاں ممکن ہو تصاویر اور اصل اشیا دکھایئے اور چیزوں کا استعمال بھی بتایئے۔

| **ذخیرہ الفاظ:** | آٹا | آلو | آری | آگ | آسمان | آدمی | آواز |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

- 'آ' کی بصری پہچان تختۂ تحریر پر یا فلیش کارڈ دکھا کر کروایئے۔ بچوں کو 'آ' لکھنے کی مشق تختۂ تحریر پر اور ریت کی ٹرے میں درسی کتاب صفحہ نمبر 10 پر کروایئے۔ دی گئی تصویر میں رنگ بھروایئے۔
- **نوٹ:** 'آ' کی درست لکھائی کے لیے پہلے الف بنایئے پھر اُس پر 'مد' ڈالیے۔
- عملی کتاب صفحات نمبر 6-4 کروائیں۔
- **گروہی کام:** بچوں سے چارٹ پیپر پر آم بنوائیں اور اس پر پتّا چسپاں کروائیں۔

ARMY PUBLIC SCHOOLS & COLLEGES SYSTEM
RESTRICTED
I SHALL RISE AND SHINE

## میرا خاندان۔ درسی کتاب صفحہ 11

- **مقاصد:** خیالات کا اظہار کرنا، اجتماعی اور انفرادی طور پر سوالوں کے جواب دینا اور تبادلہ خیال کرنا۔
- بچوں سے اُن کے خاندان کے افراد کے متعلق پوچھا جائے۔ درسی کتاب صفحہ نمبر 11 پر دی گئی تصویر پر تبادلہ خیال کریں۔
- بچوں کا دھیان چیونٹی پر دلوائیں اور پوچھیں کہ چیونٹی کیا کر رہی ہے؟ چیونٹی کی حرکات پر تبادلہ خیال کریں اور مِل جُل کر رہنے کے فوائد بتائیں۔

## روزانہ استعمال کی اشیا۔ درسی کتاب صفحہ 12

- بچوں سے تبادلہ خیال کیا جائے کہ صفحہ ۱۲ پر دی گئیں کون کون سی اشیا ہم روزانہ استعمال کرتے ہیں اور زور دے کر بتائیے کہ استعمال کے بعد ہر چیز کو واپس اس کی جگہ پر رکھیں۔

**سرگرمی:** روزانہ استعمال کی اشیا پر ✓ لگائیں۔

## حرف 'ب'۔ درسی کتاب صفحہ 13

- **مقاصد:** حرف کی صوتی اور بصری پہچان، لکھائی اور ذخیرہ الفاظ
- نظم "بارہ مہینے اسلامی" بچوں کے ساتھ مِل کر گائیے۔
- ب کا تعارف ویڈیو کے ذریعے کروائیں۔ https://youtu.be/e4zIUEG_s-4
- بلّی کی تصویر یا اصلی بلّی دکھا کر بچوں سے پوچھیں کہ یہ کون سا جانور ہے؟ اس کی آواز کیسی ہوتی ہے؟ صوتی پہچان کروائیں ب، ب، بلّی۔
- 'ب' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف کروائیے جہاں ممکن ہو تصاویر اور اصل اشیا دکھائیے اور چیزوں کا استعمال بھی بتائیے۔ درسی کتاب صفحہ نمبر13 میں 'ب' سے شروع ہونے والے الفاظ کی درست تلفّظ کے ساتھ بلند خوانی کروائیے۔

| **ذخیرہ الفاظ:** | باغ | بال | بلّی | بستر | بازو | بادل |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | بکری | بستہ | بالٹی | باجا | بٹن | |

- ب سے شروع ہونے والے جانوروں کے نام پوچھیے۔ بلّی، بکری، بندر۔
- حرف 'ب' کی بناوٹ کی پہچان تختۂ تحریر پر لکھ کر کروائیں۔ 'ب' کے نیچے ایک نقطہ ہوتا ہے۔ 'ب' کے نقطے کی پہچان کروائیں۔ بچوں کو انگلی کی مدد سے ہوا میں 'ب' لکھنے کی مشق کروائیں۔
- تختۂ تحریر پر 'ب' کی پوری شکل بناکر آدھی شکل مٹائیں۔ 'ب' آدھی شکل کے بارے میں بتائیں کہ کس طرح 'ب' کی آدھی شکل استعمال ہوتی ہے۔
- بچوں کو 'ب' لکھنے کی مشق تختۂ تحریر پر اور ریت کی ٹرے میں درسی کتاب صفحہ نمبر 13 پر کروائیے۔ دی گئی تصویر میں رنگ بھروائیے۔
- قدم بڑھاؤ عملی کتاب صفحات 7-9 کروائیں۔
- **سرگرمی:** تین بہادر مووی بچوں کو دکھائیں اور پوچھیں کون بہادر بننا چاہتا ہے؟

ARMY PUBLIC SCHOOLS & COLLEGES SYSTEM RESTRICTED I SHALL RISE AND SHINE

## میرا بستہ۔ درسی کتاب صفحہ 14

معلّمہ بچوں سے تبادلہ خیال کریں کہ اپنی چیزوں کی حفاظت کرنی چاہیے اور استعمال کے بعد انہیں واپس اپنے بیگ میں رکھنا چاہیے۔

**سرگرمی:** جماعت میں استعمال ہونے والی اشیا کے اسٹکر لگا کر اپنا بستہ تیار کیجیے۔ درسی کتاب صفحہ 14۔

# باب ۔ ۲

## حرف 'پ'۔ درسی کتاب صفحہ 15

- **مقاصد:** حرف کی صوتی اور بصری پہچان، لکھائی اور ذخیرہ الفاظ
- حرف 'پ' کو پاکستان کا پرچم دکھا کر متعارف کروائیں۔ بتائیے کہ ہمارے ملک کا نام پ سے شروع ہوتا ہے۔
- بچوں سے پوچھیے کہ یہ کس ملک کا پرچم ہے؟ پاکستان، پاکستان کے پرچم اور پاکستان کے شہروں سے متعلق معلومات بچوں کو دیں۔ بچوں میں جذبہ حب الوطنی کو اُجاگر کریں۔ بچوں کے ساتھ مِل کر مِلّی نغمے گائیے۔
- صوتی پہچان کروائیں پ، پ، پاکستان۔
- پ کا تعارف ویڈیو کے ذریعے کروائیں۔ https://youtu.be/Sp6zH9Hy8uk
- 'پ' کے ذخیرہ الفاظ کاتعارف کروائیے جہاں ممکن ہو تصاویر اور اصل اشیا دکھائیے اور چیزوں کا استعمال بھی بتائیے۔ درسی کتاب صفحہ نمبر15 میں 'پ' سے شروع ہونے والے الفاظ کی درست تلفّظ کے ساتھ بلند خوانی کروائیے۔

| ذخیرہ الفاظ: | پَر | پل | پودا | پیر | پنکھا | پانی |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | پتنگ | پالک | پنجرہ | پان | پرندہ | پتّا |

- بچوں کو 'پ' کی بناوٹ کی پہچان تختۂ تحریر پر کروائیے۔ 'پ' کے نیچے 3 نقطے ہوتے ہیں کا اعادہ کرائیے اور بتائیے کہ 'ب' اور 'پ' ایک ہی طرح لکھا جاتا ہے فرق صرف نقطوں کا ہوتا ہے۔ ریت کی ٹرے میں لکھائی کی مشق کروائیے۔
- 'پ' کی آدھی شکل صفحہ نمبر15 میں دکھائیں ۔ تختۂ تحریر پر 'پ' کی پوری شکل بناکر آدھی شکل مٹائیں۔ 'پ' کی آدھی شکل کے بارے میں بتائیں۔
- بچوں کو 'پ' لکھنے کی مشق تختۂ تحریر پر اور ریت کی ٹرے میں درسی کتاب صفحہ نمبر15 پر کروائیے۔ دی گئی تصویر میں رنگ بھروائیے۔
- قدم بڑھاؤ عملی کتاب صفحات 12-10 کروائیں۔

## اچھی عادات۔ درسی کتاب صفحہ 16

- درسی کتاب صفحہ نمبر 16 پر دی گئیں تصاویر کے بارے میں تبادلہ خیال کریں۔طلبہ کی اچھی عادات اپنانے پر حوصلہ افزائی کریں ۔

## احساسات۔ درسی کتاب صفحہ 17

- **مقاصد:** احساسات کا اظہار کرنا، اجتماعی اور انفرادی طور پر سوالوں کے جواب دینا اور تبادلہ خیال کرنا۔
- طلبہ سے پوچھیں وہ آج کیسا محسوس کر رہے ہیں اور کیوں ؟۔ درسی کتاب صفحہ نمبر 17 پر دی گئیں تصاویر پر تبادلہ خیال کریں

ARMY PUBLIC SCHOOLS & COLLEGES SYSTEM RESTRICTED I SHALL RISE AND SHINE

اور فرق واضح کریں۔

- طلبہ بتائیں کہ وہ کب اور کیوں خوش اور ناراض ہوتے ہیں ؟

## درخت کے حصّے۔ درسی کتاب صفحہ 18

- درختوں کی اہمیت و فوائد اور اُن کی حفاظت سے آگاہ کیا جائے۔

**سرگرمی:** درسی کتاب صفحہ نمبر18 پر درخت میں پتّوں سے پرنٹنگ کریں اور تنے میں رنگ بھریں۔

## حرف ’ت‘۔ درسی کتاب صفحہ 19

- **مقاصد:** حرف کی صوتی اور بصری پہچان، لکھائی اور ذخیرہ الفاظ
- ت کا تعارف ویڈیو کے ذریعے کروائیں۔

https://youtu.be/L2zvCcwiGCA

- بچوں کو تتلی کی تصویر دکھا کر حرف ’ت‘ کی بصری پہچان کروائیں ت، ت تتلی۔
- ’ت‘ کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف کروائیے جہاں ممکن ہو تصاویر اور اصل اشیا دکھائیے اور چیزوں کا استعمال بھی بتائیے۔ درسی کتاب صفحہ نمبر 19 میں ’ت‘ سے شروع ہونے والے الفاظ کی درست تلفّظ کے ساتھ بلند خوانی کروائیے۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| **ذخیرہ الفاظ:** | تِل | تار | تیر | تخت | تالاب | تصویر |
| | تتلی | ترازو | تربوز | تسبیح | تارا | تالا |

- بچوں کو ’ت‘ کی بناوٹ کی پہچان تختۂ تحریر پر لکھ کر کروائیں اور نقطوں کا فرق بھی بتائیں۔ ’ب‘ کے نیچے ایک، ’پ‘ کے نیچے تین اور ’ت‘ کے اوپر دو نقطے ہوتے ہیں کی مشق کروائیں۔
- ’ت‘ کی آدھی شکل صفحہ نمبر 19 پر دکھائیں۔ تختۂ تحریر پر ’ت‘ کی پوری شکل بناکر آدھی شکل مٹائیں۔ ’تـ‘ کی آدھی شکل کے بارے میں بتائیں کہ کس طریقے سے دیے گئے الفاظ میں ’تـ‘ کی آدھی شکل کا استعمال ہوتا ہے۔
- بچوں کو ’ت‘ لکھنے کی مشق تختۂ تحریر پر اور ریت کی ٹرے میں درسی کتاب صفحہ نمبر 19 پر کروائیے۔ دی گئی تصویر میں رنگ بھروائیے۔
- قدم بڑھاؤ عملی کتاب صفحات 15-13 کروائیں۔
- **گروہی کام:** دونوں ہاتھوں پر مختلف رنگوں کا واٹر پینٹ استعمال کر کے ہاتھوں کے پرنٹ سے تتلی بنائیں۔

## پھلوں کے نام۔ درسی کتاب صفحہ 20

- **مقاصد:** خیالات کا اظہار کرنا، اجتماعی اور انفرادی طور پر سوالوں کے جواب دینا اور تبادلہ خیال کرنا۔
- درختوں کی اہمیت و فوائد اور اُن کی حفاظت سے آگاہ کیا جائے۔درختوں / پودوں سے ہم پھل حاصل کرتے ہیں۔ بچوں سے اُن کے پسندیدہ پھل کے بارے میں پوچھا جائے۔
- درسی کتاب صفحہ نمبر 20 پھلوں میں رنگ بھریں اور اپنی پسند کے پھلوں پر ✓ لگائیں۔
- **سرگرمی:** مِل جُل کر کام کرنے کے فوائد بتاتے ہوئے جماعت میں فروٹ چاٹ بنائی جائے۔ بچوں کو بتایا جائے کہ پھلوں کو ہمیشہ

ARMY PUBLIC SCHOOLS & COLLEGES SYSTEM
RESTRICTED
I SHALL RISE AND SHINE

دھو کر کھانا چاہیے۔

## حرف ’ٹ‘۔ درسی کتاب صفحہ 21

- **مقاصد:** حرف کی صوتی اور بصری پہچان، لکھائی اور ذخیرہ الفاظ
- ٹ کا تعارف ویڈیو کے ذریعے کروائیں۔ https://youtu.be/IGohKIaZkqY
- حرف ’ٹ‘ کی صوتی پہچان بچوں کو اصلی ٹماٹر دکھا کر کروائیں اور صوتی پہچان کروائیں ٹ، ٹ، ٹماٹر۔
- ’ٹ‘ کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف کروائیے جہاں ممکن ہو تصاویر اور اصل اشیا دکھائیے اور چیزوں کا استعمال بھی بتائیے۔ درسی کتاب صفحہ نمبر 21 میں ’ٹ‘ سے شروع ہونے والے الفاظ کی درست تلفّظ کے ساتھ بلند خوانی کروائیے۔

| ذخیرہ الفاظ: | ٹماٹر | ٹوکری | ٹوپی | ٹافی | ٹریکٹر | ٹیلی فون | ٹانگ | ٹانکا | ٹاٹ | ٹرک |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|

- بچوں کو تختۂ تحریر پر لکھ کر بتائیے کہ ’ٹ‘ کے اوپر نقطے نہیں ہوتے۔ اس کے اوپر چھوٹی ’ط‘ بنتی ہے۔ ’ٹ‘ کے اوپر ’ط‘ بنانے کی مشق کروائیں۔ اعادہ سلیٹ پر لکھائی سے کروائیں۔
- ’ٹ‘ کی آدھی شکل صفحہ نمبر 21 پہ دکھائیں۔ تختۂ تحریر پر ’ٹ‘ کی پوری شکل بنا کر آدھی شکل مٹائیں۔ ’ٹ‘ کی آدھی شکل کے بارے میں بتائیں کہ کس طریقے سے دیے گئے الفاظ ’ٹماٹر‘، ’ٹوپی‘ وغیرہ میں ’ٹ‘ کی آدھی شکل کا استعمال ہوتا ہے۔
- بچوں کو ’ٹ‘ لکھنے کی مشق تختۂ تحریر پر اور ریت کی ٹرے میں درسی کتاب صفحہ نمبر 21 پر کروائیے۔ دی گئی تصویر میں رنگ بھروائیے۔ قدم بڑھاؤ عملی کتاب صفحات 18-16 کروائیں۔
- **گروہی کام:** بچوں سے کاغذ کی ٹوکری بنوائیں اور کلاس میں ڈسپلے کروائیں۔

## سبزیوں کے نام۔ درسی کتاب صفحہ 22

- **مقاصد:** خیالات کا اظہار کرنا، اجتماعی اور انفرادی طور پر سوالوں کے جواب دینا اور تبادلہ خیال کرنا۔
- درسی کتاب صفحہ نمبر 22 پر تصاویر میں موجود سبزیوں کے نام بتائیں۔ بچوں کو بتایا جائے کہ تمام سبزیاں ضرور کھانی چاہئیں کیوں کہ ہر سبزی کے اپنے فائدے ہیں۔
- **سرگرمی:** پھول پر بھنڈی سے پرنٹنگ کریں۔
- بچوں کا دھیان چیونٹی پر دلوائیں اور پوچھیں کہ چیونٹی کیا کر رہی ہے؟ چیونٹی کی حرکات پر تبادلہ خیال کریں اور سبزیوں کے فوائد بتائیں۔
- نظم آلو میاں مِل کر گائیں۔ بچوں سے پوچھیں آلو سے کیا کیا بنتا ہے اور آپ کو آلو کس طرح کھانا پسند ہے؟

ARMY PUBLIC SCHOOLS & COLLEGES SYSTEM
RESTRICTED
I SHALL RISE AND SHINE


# باب۔۳

## حرف 'ث'۔ درسی کتاب صفحہ 23

- **مقاصد:** حرف کی صوتی اور بصری پہچان، لکھائی اور ذخیرہ الفاظ
- ث کا تعارف ویڈیو کے ذریعے کروائیں۔ https://youtu.be/mJBAj2sbnos
- مختلف پھلوں کو ٹوکری میں جمع کرکے بچوں کو 'ثمر' کا تصور واضح کریں۔ حرف 'ث' کی صوتی پہچان کروائیں۔ ث، ث، ثمر۔
- بچوں کو بتائیے کہ 'پ' اور 'ث' میں نقطوں کی جگہ کا فرق ہے۔ 'ث' میں نقطے اوپر اور 'پ' میں نیچے آتے ہیں۔
- 'ث' کی آدھی شکل صفحہ نمبر 23 پہ دکھائیں ۔ 'ث' کی آدھی شکل کے بارے میں بتائیں کہ کس طریقےسے لفظ 'ثمر' میں 'ث' کی آدھی شکل کا استعمال ہوتا ہے۔ تختۂ تحریر پر'ث' کی پوری شکل بناکر آدھی شکل مٹائیں۔
- درسی کتاب صفحہ نمبر 23 میں 'ث' سے شروع ہونے والے لفظ کی درست تلفّظ کے ساتھ بلند خوانی کروائیے۔
- بچوں کو 'ث' لکھنے کی مشق تختۂ تحریر پر اور ریت کی ٹرے میں درسی کتاب صفحہ نمبر 23 پر کروائیے۔ دی گئی تصویر میں رنگ بھروائیے۔
- قدم بڑھاؤ عملی کتاب صفحات 21-19 کروائیں۔
- **گروہی کام:** پھلوں کی تصاویر بنا کر رنگ بھریے۔

## قومی علامات۔ درسی کتاب صفحہ 24

- **مقاصد:** خیالات کا اظہار کرنا، اجتماعی اور انفرادی طور پر سوالوں کے جواب دینا اور تبادلہ خیال کرنا۔
- درسی کتاب صفحہ نمبر 24 پر دی گئیں قومی علامات پر تبادلہ خیال کیا جائے اور بچوں کو بتایا جائے کہ قومی علامات کسی بھی ملک کی پہچان ہوتی ہیں۔



## اعادہ۔ درسی کتاب صفحات 26-25

- **سرگرمی:** ب کے خاندان کی ویڈیو دکھائیں۔
https://www.youtube.com/watch?v=hzz9aFcuxFA&t=154s
- بچوں کو 'ا' سے 'ث' تک اعادہ کروائیے۔ مختلف حُروف کے فلیش کارڈز اور اصل اشیا دکھا کر حُروف کا اعادہ کروائیے۔ مثلاً 'آ' سے آم اور آم کی تصویر تختۂ تحریر پر چپکا کر ساتھ 'آ' لکھ دیجیے۔ 'ا' سے انار اور انار کی تصویر تختۂ تحریر پر چپکا کر ساتھ 'ا' لکھ دیجیے اور اسی طرح باقی حُروف کی 'ث' تک اعادہ کروائیے۔
- 'ا' سے 'ث' کی اعادہ درسی کتاب صفحہ نمبر 26-25 میں کروائی جائے۔ قدم بڑھاؤ عملی کتاب صفحات 23-22 کروائیں۔

## قومی شخصیات۔ درسی کتاب صفحہ 27

- **مقاصد:** خیالات کا اظہار کرنا، اجتماعی اور انفرادی طور پر سوالوں کے جواب دینا اور تبادلہ خیال کرنا۔
- درسی کتاب صفحہ نمبر 27 پر تصاویر دکھا کر بچوں کو بتایا جائے کہ قائداعظم نے ہمارے لیے پاکستان بنایا اور علامہ اقبال ہمارے قومی شاعر ہیں۔

ARMY PUBLIC SCHOOLS & COLLEGES SYSTEM
RESTRICTED
I SHALL RISE AND SHINE

- بچوں کا دھیان چیونٹی پر دلوائیں اور پوچھیں کہ چیونٹی کیا کر رہی ہے؟ چیونٹی کے ہاتھ میں پاکستان کا پرچم ہے۔ بچوں سے پرچم پر تبادلہ خیال کریں اور ان میں جذبہ حب الوطنی اُجاگر کریں۔

## حرف 'ج'۔ درسی کتاب صفحہ 28

- **مقاصد:** حرف کی صوتی اور بصری پہچان، لکھائی اور ذخیرہ الفاظ
- ج کا تعارف ویڈیو دکھا کر کروائیں۔

https://youtu.be/znH8vu6nTwc

https://youtu.be/w3tuCU0ZmKY

www.youtube.com/watch?v=ot8W0Sdfw-I

- بچوں کو جہاز (کھلونا) دکھا کر پوچھیے کہ کیا کسی نے جہاز میں سفر کیا ہے؟ بچوں کو مختلف ذرائع آمد و رفت کے بارے میں بتایئے مثلاً گاڑی، سائیکل، ریل گاڑی اور کشتی وغیرہ۔
- صوتی (Phonic) پہچان کروائیں ج، ج، جہاز۔
- ذخیرہ الفاظ کا تعارف کروایئے جہاں ممکن ہو تصاویر اور اصل اشیا دکھایئے اور چیزوں کا استعمال بھی بتایئے۔

| ذخیرہ الفاظ: | جہاز | جال | جوتا | جگ | جڑ | جراب |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | جامن | جگہ | جمع | جیب | جلیبی | |

- بچوں کو "ج، چ، ح، خ" کی کہانی سنا کر نقطوں کی پہچان کروائیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ "ج، چ، ح، خ" چار دوست تھے۔ ایک دن انھیں بہت بھوک لگی تو انہوں نے کھانا ساتھ کھایا۔ 'ج' نے ایک روٹی کھائی اس لیے 'ج' کے پیٹ میں ایک نقطہ۔ 'چ' نے تین روٹیاں کھائیں اس لیے 'چ' کے پیٹ میں تین نقطے۔ 'ح' نے کہا مجھے بھوک نہیں اور اس نے کوئی روٹی نہیں کھائی اس لیے 'ح' پر کوئی نقطہ نہیں اور 'خ' نے کہا میں روٹی بعد میں کھاؤں گا اور اس نے روٹی لپیٹ کر سر پر رکھ لی اس لیے 'خ' کے اوپر ایک نقطہ ہے۔
- 'ج' کی شکل تختۂ تحریر پر لکھ کر دکھائیں۔ تختۂ تحریر پر 'ج' کی پوری شکل بنا کر آدھی شکل مٹائیں۔ 'ج' آدھی شکل کے بارے میں بتائیں کہ کس طریقے سے صفحہ نمبر 28 میں دیے گئے الفاظ میں 'ج' آدھی شکل کا استعمال ہوتا ہے۔
- درسی کتاب صفحہ نمبر 28 میں 'ج' سے شروع ہونے والے الفاظ کی درست تلفّظ کے ساتھ بلند خوانی کروایئے۔
- بچوں کو 'ج' لکھنے کی مشق تختۂ تحریر پر اور ریت کی ٹرے میں درسی کتاب 28 صفحہ نمبر پر کروایئے۔ دی گئی تصویر میں رنگ بھروایئے۔
- قدم بڑھاؤ عملی کتاب صفحات 27-25 کروائیں۔
- **سرگرمی:** کاغذ سے جہاز بنوایئے اور بچوں سے اس پر 'ج' لکھوایئے اور رنگ بھی بھروایئے۔
- بچوں سے پوچھیں ہم جہاز کا سفر کیوں کرتے ہیں؟

## اعادہ۔ درسی کتاب صفحہ 29

- حُروف ا تا ٹ اور ان سے بننے والے الفاظ کی اعادہ کروائیں۔ صفحہ 29 مکمل کروائیں۔

ARMY PUBLIC SCHOOLS & COLLEGES SYSTEM RESTRICTED I SHALL RISE AND SHINE

# باب۔۴

## میری پسند۔ درسی کتاب صفحہ 30

- طلبہ اپنی پسندیدہ اور ناپسندیدہ اشیا کے بارے میں اظہار خیال کریں۔
- درسی کتاب صفحہ۔30 پر پسندیدہ اشیا بنائیں اور رنگ بھریں۔
- مثلاً پسندیدہ خوراک، پھل، کھلونا، کارٹون، جانور لباس، کہانی وغیرہ۔

## حرف 'چ'۔ درسی کتاب صفحہ 31

- **مقاصد:** حرف کی صوتی اور بصری پہچان، لکھائی اور ذخیرہ الفاظ
- چ کا تعارف ویڈیو دکھا کر کروائیں۔

https://youtu.be/DDBKwlatiZE

- ج کے خاندان کی ویڈیو دکھائیں۔

https://youtu.be/BVLW4hGpG1A

- حرف 'چ' کی بصری اور صوتی پہچان کی جانچ کریں۔
- بچوں سے 'چ' کا ذخیرہ الفاظ پوچھ کر تختۂ تحریر پر لکھیے۔ جہاں ممکن ہو تصاویر اور اصل اشیا دکھائیے اور چیزوں کا استعمال بھی بتائیے درسی کتاب صفحہ نمبر 31 میں 'چ' سے شروع ہونے والے الفاظ کی درست تلفّظ کے ساتھ بلند خوانی کروائیے۔

| **ذخیرہ الفاظ:** | چوزہ | چاند | چاول | چمچ | چاک | چادر |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | چابی | چونچ | چڑیا | چمگادڑ | چلغوزہ | چیتا |

- 'چ' کی آدھی شکل درسی کتاب صفحہ نمبر 31 میں دکھائیں۔ تختۂ تحریر پر 'چ' کی پوری شکل بناکر آدھی شکل مٹائیں۔ 'چ' کی آدھی شکل کے بارے میں بتائیں کہ کس طریقے سے دیے گئے الفاظ میں 'چ' آدھی شکل کا استعمال ہوتا ہے۔
- تختۂ تحریر پر مشق کروائیں بچوں کو 'ج' اور 'چ' کے نقطوں کا فرق بتائیں اور ''ج، چ، ح، خ'' کی کہانی بھی سنائیں تاکہ نقطوں کی یاد دہانی ہو جائے۔
- بچوں کو 'چ' لکھنے کی مشق تختۂ تحریر پر اور ریت کی ٹرے میں درسی کتاب صفحہ نمبر 31 پر کروائیے۔ دی گئی تصویر میں رنگ بھروائیے۔ قدم بڑھاؤ عملی کتاب صفحات 30-28 کروائیں۔

## پالتو جانور۔ درسی کتاب صفحہ 32

- **مقاصد:** خیالات کا اظہار کرنا، اجتماعی اور انفرادی طور پر سوالوں کے جواب دینا اور تبادلہ خیال کرنا۔
- **سرگرمی:** درسی کتاب صفحہ نمبر 32 پر تصویر میں دیے گئے پالتو جانوروں کے نام بتائیں۔ بچوں کو پالتو جانوروں کے بارے میں بتایا جائے اور سوال پوچھیے پالتو جانور کون ہوتے ہیں؟ بچوں سے پوچھیے ان کے گھر میں کوئی پالتو جانور ہے؟ پالتو جانور کا خیال کیسے رکھا جاتا ہے؟ تصویر میں کیا نظر آ رہا ہے؟ بچوں سے ہر جانور کے فوائد پر تبادلہ خیال کیا جائے۔

ARMY PUBLIC SCHOOLS & COLLEGES SYSTEM
RESTRICTED
SHAH RISE AND SHINE

- بچوں کا دھیان چیونٹی پر دلوائیں اور پوچھیں کہ چیونٹی کیا کر رہی ہے؟ چیونٹی بلّی کی دیکھ بھال کر رہی ہے۔ جانوروں کی دیکھ بھال اور ان کا خیال رکھنا پر تبادلہ خیال کریں۔

## حرف 'ح'۔ درسی کتاب صفحہ 33

- **مقاصد:** حرف کی صوتی اور بصری پہچان، لکھائی اور ذخیرہ الفاظ
- ح کا تعارف ویڈیو دکھا کر کروائیں۔

https://youtu.be/DchITM2u6To

- بچوں کو پلیٹ میں حلوا رکھ کر دکھائیں اور بتائیں کہ حلوا حرف 'ح' سے شروع ہوتا ہے۔
- 'ح' کا ذخیرہ الفاظ بچوں سے پوچھ کر تختۂ تحریر پر لکھیے۔ جہاں ممکن ہو تصاویر اور اصل اشیا دکھائیے اور چیزوں کا استعمال بھی بتائیے۔

| ذخیرہ الفاظ: | حلوا | حجام | حوض | حرف | حکیم | حاجی | حج |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

- بچوں کو 'ح' کی پہچان تختۂ تحریر پر لکھ کر کروائیں۔ ''ج، چ، ح، خ'' کی کہانی سنا کر بتائیں کہ 'ح' پر نقطے کیوں نہیں ہوتے۔
- حرف 'ح' کی بصری اور صوتی پہچان کی جانچ کریں۔
- 'ح' کی آدھی شکل درسی کتاب صفحہ نمبر 33 پر دکھائیں۔ تختۂ تحریر پر 'ح' کی پوری شکل بنا کر آدھی شکل مٹائیں۔ 'ح' کی آدھی شکل کے بارے میں بتائیں کہ کس طریقے سے دیے گئے الفاظ میں 'ح' آدھی شکل کا استعمال ہوتا ہے۔
- درسی کتاب صفحہ نمبر 33 میں 'ح' سے شروع ہونے والے الفاظ کی درست تلفّظ کے ساتھ بلند خوانی کروائیے۔
- بچوں کو 'ح' لکھنے کی مشق تختۂ تحریر پر اور ریت کی ٹرے میں درسی کتاب صفحہ نمبر 33 پر کروائیے۔ دی گئی تصویر میں رنگ بھروائیے۔
- قدم بڑھاؤ عملی کتاب صفحات 33-31 کروائیں۔
- رول پلے کروائیں۔ بچوں کو حلوہ ٹرے میں چمچ، پلیٹ وغیرہ رکھ کر مہمانوں کو پیش کرنے کا طریقہ سکھایا جائے۔ کچھ بچے میزبان بن جائیں اور کچھ بچے مہمان۔ مہمانوں کو خوش آمدید کیسے کہا جاتا ہے۔ کیسے ان کی خاطر مدارات کی جاتی ہے رول پلے کے ذریعے بچوں کو سکھایا جائے۔ ساتھ ہی کھانے کے آداب سکھائیں کہ ہاتھ دھو کر بسم اللہ پڑھ کر کھانا شروع کریں۔ سیدھے ہاتھ سے کھائیں۔ منہ بند کر کے کھائیں۔ نوالہ چھوٹا لیں اور چبا کر کھائیں۔ کھانے کے بعد شکر الحمداللہ پڑھیں۔ کھانے کے بعد کلی کریں اور ہاتھ دھوئیں۔

## جنگلی جانور۔ درسی کتاب صفحہ 34

- **مقاصد:** خیالات کا اظہار کرنا، اجتماعی اور انفرادی طور پر سوالوں کے جواب دینا اور تبادلہ خیال کرنا۔
- بچوں کو جنگلی جانوروں کے بارے میں بتایا جائے۔
- درسی کتاب صفحہ نمبر 34 تصویر دیکھیں اور اس میں موجود جنگلی جانوروں کے نام بتائیں۔ جنگلی جانوروں اور پالتو جانوروں میں فرق بتائیں اور جنگلی جانوروں سے احتیاط کے طریقے بھی بتائیں۔

ARMY PUBLIC SCHOOLS & COLLEGES SYSTEM
RESTRICTED
SHALL RISE AND SHINE

## حرف 'خ'۔ درسی کتاب صفحہ 35

- **مقاصد:** حرف کی صوتی اور بصری پہچان، لکھائی اور ذخیرہ الفاظ
- خ کا تعارف ویڈیو دکھا کر کروائیں۔

https://youtu.be/jfZQIh0iRoE

https://youtu.be/Cpw4vdNi_uw

- خرگوش کی تصویر تختۂ تحریر پر چپکا کر 'خ' کا تعارف کروائیں۔
- بچوں سے 'خ' کا ذخیرہ الفاظ پوچھ کر تختۂ تحریر پر لکھیے۔ جہاں ممکن ہو تصاویر اور اصل اشیا دکھائیے اور چیزوں کا استعمال بھی بتائیے۔
- بچوں کو 'خ' تختۂ تحریر پر لکھ کر اس کی بناوٹ اور نقطوں کی پہچان کروائیں۔ ساتھ ہی "ج،چ،ح،خ" کے نقطوں کے فرق کی بھی پہچان کروائیں۔ بچوں کو سلیٹ پر اعادہ کی مشق کروائیں۔
- حرف 'خ' کی بصری اور صوتی پہچان کی جانچ کریں۔

| **ذخیرہ الفاظ:** | خط | خربوزہ | خیمہ | خرگوش | خالہ | خالو |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | خبر | خاک | خنجر | خار | خواب | ختم |

- 'خ' کی آدھی شکل درسی کتاب صفحہ نمبر 35 میں دکھائیں۔ تختۂ تحریر پر 'خ' کی پوری شکل بناکر آدھی شکل مٹائیں۔ 'خ' آدھی شکل کے بارے میں بتائیں کہ کس طریقے سے دیے گئے الفاظ میں 'خ' آدھی شکل کا استعمال ہوتا ہے۔
- درسی کتاب صفحہ نمبر 35 میں 'خ' سے شروع ہونے والے الفاظ کی درست تلفّظ کے ساتھ بلند خوانی کروائیے۔
- بچوں کو 'خ' لکھنے کی مشق تختۂ تحریر پر اور ریت کی ٹرے میں درسی کتاب صفحہ نمبر 35 پر کروائیے۔ دی گئی تصویر میں رنگ بھروائیے۔
- قدم بڑھاؤ عملی کتاب صفحات 36-34 کروائیں۔

## چڑیا گھر۔ درسی کتاب صفحہ 36

- درسی کتاب صفحہ نمبر 36 بچوں سے تصویر پر تبادلہ خیال کیا جائے۔ بچے بتائیں کہ تصویر میں کون کون سے جانور ہیں؟
- **سرگرمی:** تصویر میں رنگ بھریں۔

# باب۔۵

## اعادہ۔ درسی کتاب صفحہ 37

- 'ا' سے 'ے' تک زبانی اعادہ اور پڑھائی، فلیش کارڈز اور تختۂ تحریر کی مدد سے کروائیں۔
- حُروف اور متعلقہ ذخیرۂ الفاظ کی جانچ تختۂ تحریر اور فلیش کارڈز کے ذریعے کریں۔
- بچوں کو بلا کر 'ا' سے 'خ' تک ایک ایک کر کے فلیش کارڈ تختۂ تحریر پر چسپاں کروائیں۔ پھر دوسری طرف بچوں کو بلائیں اور حرف نقل کرکے لکھنے کو کہیں۔

ARMY PUBLIC SCHOOLS & COLLEGES SYSTEM
RESTRICTED
I SHALL RISE AND SHINE

- دوسری مشق میں مختلف حُروف کو اوپر نیچے لکھ کر بچوں سے کالم ملوائیے۔
- درسی کتاب صفحات 37 پر 'ا' سے 'خ' تک آدھی اشکال کو پوری اشکال سے ملانے کی مشق کروائیں۔ عملی کتاب صفحات 40-37 کروائیں۔

## موسم گرما۔ درسی کتاب صفحہ 38

- **مقاصد:** خیالات کا اظہار کرنا، اجتماعی اور انفرادی طور پر سوالوں کے جواب دینا اور تبادلہ خیال کرنا۔
- درسی کتاب صفحہ نمبر 38 پر تصویر پر تبادلہ خیال کریں۔ بچوں کو بتایا جائے کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں مختلف موسم دیے ہیں۔ بچوں سے گرمی کے موسم اور اس میں استعمال ہونے والے کپڑوں پر تبادلہ خیال کیا جائے۔
- گرمی آئی نظم مِل کر پڑھیں۔

https://youtu.be/0MtwvZbBj8Y

- **سرگرمی:** گرمیوں میں پہنے جانے والے کپڑوں میں اپنی پسند کے رنگ بھریں۔
- بچوں کا دھیان چیونٹی پر دلوائیں اور پوچھیں کہ چیونٹی کیا کر رہی ہے؟ موسم گرما میں کھانے پینے کی اشیا پر تبادلہ خیال کریں۔

## حرف 'د'۔ درسی کتاب صفحہ 39

- **مقاصد:** حرف کی صوتی اور بصری پہچان، لکھائی اور ذخیرہ الفاظ
- د کا تعارف ویڈیو کے ذریعے کروائیں۔

https://youtu.be/Nf3kNvmPbpU

- دعا سبق کا آغاز علامہ اقبال کی نظم دعا سے کریں۔ نظم کا مطلب بچوں کو سمجھائیں۔
- بچوں کو درخت کی تصویر دکھا کر حرف 'د' کو متعارف کروائیں اور تختۂ تحریر پر درخت کی تصویر بھی بنائیں۔
- ہوسکے تو بچوں کو لان میں لے جا کر اصلی درختوں کا مشاہدہ کروائیں اور ساتھ ساتھ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کے بارے میں بھی بتائیں کہ درخت ہمیں پھل، پھول اور آکسیجن دیتے ہیں جو ہمارے لیے بہت ضروری ہے۔ ہمیں درختوں اور پودوں کا خیال رکھنا چاہیے۔
- حرف 'د' کی بصری اور صوتی پہچان کی جانچ کریں۔
- بچوں سے 'د' کا ذخیرہ الفاظ پوچھ کر تختۂ تحریر پر لکھیں۔ جہاں ممکن ہو تصاویر اور اصل اشیا دکھائیے اور چیزوں کا استعمال بھی بتائیے۔
- بچوں کو تختۂ تحریر پر لکھ کر 'د' کی بناوٹ کی پہچان کروائیں اور لکھنا سکھائیں۔
- درسی کتاب صفحہ نمبر 39 میں 'د' سے شروع ہونے والے الفاظ کی درست تلفّظ کے ساتھ بلند خوانی کروائیے۔
- بچوں کو 'د' لکھنے کی مشق تختۂ تحریر پر اور ریت کی ٹرے میں درسی کتاب صفحہ نمبر 39 پر کروائیے۔ دی گئی تصویر میں رنگ بھروائیے۔
- قدم بڑھاؤ عملی کتاب صفحات 43-1 کروائیں۔

ARMY PUBLIC SCHOOLS & COLLEGES SYSTEM
RESTRICTED
I SHALL RISE AND SHINE

## موسم سرما۔ درسی کتاب صفحہ 40

- **مقاصد:** خیالات کا اظہار کرنا، اجتماعی اور انفرادی طور پر سوالوں کے جواب دینا اور تبادلہ خیال کرنا۔
- درسی کتاب صفحہ نمبر 40 پر تصویر پر تبادلہ خیال کریں۔ بچوں کو بتایا جائے کہ اللہ تعالیٰ نے یہ دنیا بنائی ہے۔ بچوں سے اس دنیا میں موجود اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ نعمتوں کے بارے میں پوچھا جائے جو ہم سردی کے موسم میں استعمال کرتے ہیں۔
- نظم اٹھو بیٹا آنکھیں کھولو مِل کر پڑھیں۔
- **سرگرمی:** تصویر پر دائرے لگا کر بتائیے کہ ہم سردیوں میں کون کون سی چیز استعمال کرتے ہیں؟
- بچوں کا دھیان چیونٹی پر دلوائیں اور پوچھیں کہ چیونٹی کیا کر رہی ہے؟ موسم سرما کی سرگرمیوں پر تبادلہ خیال کریں۔

## حرف 'ڈ'۔ درسی کتاب صفحہ 41

- **مقاصد:** حرف کی صوتی اور بصری پہچان، لکھائی اور ذخیرہ الفاظ
- د کے خاندان کی ویڈیو دکھائیں۔

https://youtu.be/Q02sqD3hXcQ

- ڈ کا تعارف ویڈیو کے ذریعے کروائیں۔

https://youtu.be/vGU_JaNdELo

- بچوں کو اصلی ڈبل روٹی دکھا کر 'ڈ' کا اعادہ کروائیے۔ حرف 'ڈ' کی بصری اور صوتی پہچان کی جانچ کریں۔ بچوں کو بتائیں کہ 'ڈ' کی آدھی شکل نہیں ہوتی۔
- بچوں سے 'ڈ' کا ذخیرہ الفاظ پوچھ کر تختۂ تحریر پر لکھیے۔ جہاں ممکن ہو تصاویر اور اصل اشیا دکھائیے اور چیزوں کا استعمال بھی بتائیے۔

| ذخیرہ الفاظ: | ڈاکیا | ڈبّا | ڈر | ڈول | ڈاکٹر | ڈانٹ | ڈاک | ڈفلی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|

- بچوں کو 'د' اور 'ڈ' کا فرق بتائیں اور 'ڈ' کے اوپر چھوٹی 'ط' بنانے کی مشق تختۂ تحریر پر کروائیں۔ بچوں کو "د، ڈ، ذ" کے فرق کی مشق تختۂ تحریر پر کروائیے۔
- درسی کتاب صفحہ نمبر 41 میں 'ڈ' سے شروع ہونے والے الفاظ کی درست تلفّظ کے ساتھ بلند خوانی کروائیے۔
- بچوں کو 'ڈ' لکھنے کی مشق تختۂ تحریر پر اور ریت کی ٹرے میں درسی کتاب صفحہ نمبر 41 پر کروائیے۔ دی گئی تصویر میں رنگ بھروائیے۔
- قدم بڑھاؤ عملی کتاب صفحات 46-44 کروائیں۔

## ہم دردی۔ درسی کتاب صفحہ 42

- مختلف تصاویر دکھا کر مثالوں کے ذریعے ہم دردی کی وضاحت کریں ۔
- درسی کتاب صفحہ نمبر 42 پر دی گئیں تصاویر پر تبادلہ خیال کریں اور فرق واضح کریں۔
- طلبہ ہم دردی کے مختلف پہلوؤں پر کردار نگاری کریں اور وضاحت کریں کہ وہ مختلف حالات کے مطابق کسی طرح ہم دردی کا اظہار کریں گے۔

ARMY PUBLIC SCHOOLS & COLLEGES SYSTEM
RESTRICTED
I SHALL RISE AND SHINE

## حرف 'ذ'۔ درسی کتاب صفحہ 43

- **مقاصد:** حرف کی صوتی اور بصری پہچان، لکھائی اور ذخیرہ الفاظ
- ذ کا تعارف ویڈیو کے ذریعے کروائیں۔

https://youtu.be/xWMdZ3xfrpU

- بچوں کو ذخیرہ کی تصویر دکھا کر 'ذ' کی صوتی پہچان کروائیں۔ بچوں کو بتائیں کہ 'ذ' کی آدھی شکل نہیں ہوتی۔ بچوں کو 'د' اور 'ذ' کا فرق بتائیں اور مشق تختۂ تحریر پر کروائیں۔
- بچوں کو 'ذ' لکھنے کی مشق تختۂ تحریر پر اور ریت کی ٹرے میں درسی کتاب صفحہ نمبر 43 پر کروائیے۔ دی گئی تصویر میں رنگ بھروائیے۔
- قدم بڑھاؤ عملی کتاب صفحات 51-47 کروائیں۔

## موسم بہار اور موسم خزاں۔ درسی کتاب صفحات 44-46

- **مقاصد:** خیالات کا اظہار کرنا، اجتماعی اور انفرادی طور پر سوالوں کے جواب دینا اور تبادلہ خیال کرنا۔
- درسی کتاب صفحہ نمبر 44 پر تصاویر پر تبادلہ خیال کریں۔
- بچوں سے بہار اور خزاں کے موسموں پر گفتگو کی جائے اور بچے دونوں تصاویر میں فرق بتائیں۔
- درسی کتاب صفحہ نمبر 45 پر تصاویر کے ساتھ درست حُروف لکھیں۔
- اساتذہ ان اشیا کا مختلف موسموں سے تعلق واضح کریں۔
- نظم بارش آئی کی ویڈیو دکھائیں۔

https://youtu.be/jnx10PASwgA

- درسی کتاب صفحہ نمبر 46 پر تصاویر کو دیکھیں اور موسم پہچانیں۔

ARMY PUBLIC SCHOOLS & COLLEGES SYSTEM
RESTRICTED
I SHALL RISE AND SHINE

# باب۔٦

## حرف 'ر'۔ درسی کتاب صفحہ 47

- **مقاصد:** حرف کی صوتی اور بصری پہچان، لکھائی اور ذخیرہ الفاظ
- ر کے تعارف کی ویڈیو دکھائیں۔

https://youtu.be/kyMKtomXHFc

- ر کے خاندان کی ویڈیو دکھائیں۔

https://youtu.be/ud0hrCW1rzc

- بچوں کو ریل گاڑی (کھلونا) دکھا کر 'ر' کا تعارف کروائیے اور 'ر' کا ذخیرہ الفاظ بچوں سے پوچھ کر تختۂ تحریر پر لکھیے اور جہاں ممکن ہو ساتھ تصاویر بنائیے اور چیزوں کا استعمال بھی بتائیے۔ اسی انداز سے حرف 'ڑ' متعارف کروائیں۔
- حُروف 'ر، ڑ' کی صوتی پہچان کروائیں۔

| ذخیرہ الفاظ: | ریچھ | رات | رکشا | ریت | روشنی | راستہ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | رسّی | روٹی | روئی | روپیہ | رضائی | |

- بچوں سے 'ر'، 'ڑ' کی مشق تختۂ تحریر پر لکھ کر کروائیں اور بچوں کو 'ر' اور 'ڑ' کا فرق بتائیں۔ 'ر'، 'ڑ' کی آدھی شکل نہیں ہوتی۔ بچوں کو 'ر' لکھنے کی مشق تختۂ تحریر پر اور ریت کی ٹرے میں درسی کتاب صفحہ نمبر 47 پر کروایئے۔ دی گئی تصویر میں رنگ بھروایئے۔

## حرف 'ڑ'۔ درسی کتاب صفحہ 48

- **مقاصد:** حرف کی صوتی اور بصری پہچان، لکھائی اور ذخیرہ الفاظ
- درسی کتاب صفحہ 48 پر دی گئیں تصاویر کے ذریعے بتائیں کہ ڑ سے کوئی حرف شروع نہیں ہوتا۔ یہ حرف مختلف الفاظ کے درمیان یا آخر میں استعمال ہوتا ہے۔ جیسے پہاڑ، ریوڑ، آڑو وغیرہ۔
- قدم بڑھاؤ عملی کتاب صفحات 57-52 کروائیں۔
- **کھیل:** بچوں کو 2 گروپس میں تقسیم کر کے رسّہ کشی کا کھیل میدان میں کھیلائیں۔
- **گروہی کام:** کاغذ سے ریل گاڑی بنوائیں اور بچوں سے ریل کے ڈبّوں کو چسپاں کروائیں۔

## خوش اخلاقی ۔ درسی کتاب صفحہ 49

- **مقاصد:** خیالات کا اظہار کرنا، اجتماعی اور انفرادی طور پر سوالوں کے جواب دینا اور تبادلہ خیال کرنا۔
- خوش اخلاقی کی وضاحت مختلف تصاویر اور مثالوں کے ذریعے کریں
- دوسروں کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آنے کے فوائد اور بد اخلاقی کے نقصانات پر گفتگو کریں۔
- طلبہ خوش اخلاقی پر کردار نگاری کریں۔
- درسی کتاب صفحہ نمبر 49 پر دی گئیں تصاویر پر تبادلہ خیال کریں اور فرق واضح کریں۔

## تصویری مشاہدہ۔ درسی کتاب صفحہ 50

- درسی کتاب صفحہ نمبر 50 پر تصاویر کو غور سے دیکھیں اور بتائیں کہ کیا ہو رہا ہے؟
- بچوں کا دھیان چیونٹی پر دلوائیں اور پوچھیں کہ چیونٹی کیا کر رہی ہے؟ بچوں کا سڑک پر کھیلنا اور پُل کے ذریعے ریلوے ٹریک کو عبور نہ کرنا کے نقصانات پر تبادلہ خیال کیا جائے۔

## حرف 'ز'، 'ژ'۔ درسی کتاب صفحات 52-51

- **مقاصد:** حرف کی صوتی اور بصری پہچان، لکھائی اور ذخیرہ الفاظ
- ز کا تعارف ویڈیو کے ذریعے کروائیں۔

https://youtu.be/a12e2P7XQ00

- بچوں کو 'ز' کی پہچان زیبرا کی تصویر دکھا کر کروائیں۔ 'ز' کا فلیش کارڈ تختۂ تحریر پر لگائیں اور بچوں سے 'ز' کا ذخیرہ الفاظ پوچھ کر لکھیں۔ جہاں ممکن ہو تصاویر اور اصل اشیا دکھایئے اور چیزوں کا استعمال بھی بتایئے۔

ARMY PUBLIC SCHOOLS & COLLEGES SYSTEM RESTRICTED I SHALL RISE AND SHINE

| ذخیرہ الفاظ: | زیور | زنجیر | زیبرا | زرافہ | زبان | زمین | زخم | زہر | زلزلہ | زردی |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |

- 'ژ' کا تعارف تختۂ تحریر پر ژالہ باری کی تصویر لگا کر فلیش کارڈ کے ذریعے کریں۔ حرف 'ز، ژ' کی صوتی پہچان کروائیں۔
- بچوں کو 'ر، ڑ، ز، ژ' کا فرق تختۂ تحریر پر لکھ کر بتائیں۔ سلیٹ پر بچوں سے مشق کروائیں۔ 'ز اور ژ' کی آدھی شکل نہیں ہوتی۔
- درسی کتاب صفحہ نمبر 52-51 میں 'ز، ژ' سے شروع ہونے والے الفاظ کی درست تلفّظ کے ساتھ بلند خوانی کروائیے۔
- بچوں کو 'ز، ژ' لکھنے کی مشق تختۂ تحریر پر اور ریت کی ٹرے میں درسی کتاب صفحہ نمبر 52-51 پر کروائیے۔ دی گئی تصویر میں رنگ بھروائیے۔
- بچوں کا دھیان چیونٹی پر دلوائیں اور پوچھیں کہ چیونٹی کیا کر رہی ہے؟ سڑک پر زیبرا کراسنگ کا استعمال، بارش اور ژالہ باری میں باہر جانے کے حفاظتی اقدامات پر تبادلہ خیال کریں۔
- قدم بڑھاؤ عملی کتاب صفحات 63-58 کروائیں۔

## تصویری مشاہدہ۔ درسی کتاب صفحات 54-53

- **مقاصد:** خیالات کا اظہار کرنا، اجتماعی اور انفرادی طور پر سوالوں کے جواب دینا اور تبادلہ خیال کرنا۔
- بچوں سے زلزلے کے بارے میں پوچھیے کہ وہ کیا جانتے ہیں؟ زلزلہ آنے کی صورت میں کیا احتیاطی تدابیر اختیار کرنی ہوتی ہیں؟ کے بارے میں بچوں کو معلومات دیں۔ بچوں کو زلزلے آنے کی صورت میں کی جانے والی احتیاطی تدابیر کی مشق (Indoor / Outdoor) کروائی جائے۔
- **سرگرمی:** درسی کتاب صفحہ نمبر 54-53 پر تصاویر کو غور سے دیکھیں اور بتائیں کہ ان میں کیا ہو رہا ہے؟ اگر ہم ایسا کریں گے تو کیا ہوگا؟
- تصاویر پر تبادلہ خیال کرتے ہوئے بچوں سے پوچھا جائے کہ ہمیں کس کس طرح سے چوٹ لگ سکتی ہے؟
- دیکھیں اور بتائیں کہ کیا ہمیں ایسا کرنا چاہیے؟ بچوں سے تبادلہ خیال کیا جائے کہ ہمیں ایسے کام کیوں نہیں کرنے چاہئیں۔ بچوں کو بتائیں کہ ٹی وی کے قریب نہیں بیٹھنا چاہیے۔ تمام چھلکے کوڑا دان میں ڈالنے چاہئیں۔ کسی ایسے شخص سے تحفہ یا کھانے کی چیز نہیں لینی چاہیے جس کو ہم جانتے نہیں ہیں۔
- بچوں کا دھیان چیونٹی پر دلوائیں اور پوچھیں کہ چیونٹی کیا کر رہی ہے؟ لڑائی جھگڑا کرنے کے نقصانات پر تبادلہ خیال کریں۔

## کتابوں کی حفاظت۔ درسی کتاب صفحہ 55

- طلبہ سے کتابوں کی حفاظت پر تبادلہ خیال کریں ۔
- کتاب کو درست طریقہ سے پکڑنا اور رکھنا ،صفحات کو پلٹنے کا طریقہ ، صفحات کو نہ پھاڑنا اور موڑنا کی وضاحت عملی سرگرمی کے ذریعے کریں ۔

### اعادہ

- 'ا' کے ساتھ جوڑ کر دو حرفی الفاظ کا تعارف فلیش کارڈز اور تختۂ تحریر پر لکھ کر کروائیں۔ ب + ا = با۔ تختۂ تحریر پر لکھتے ہوئے ب کی آدھی شکل کو لال رنگ سے لکھیں اور 'ا' کو کالے رنگ سے تاکہ بچے کو معلوم ہو جائے کہ 'با' کیسے جوڑا گیا ہے۔ ساتھ ہی ساتھ جوڑ کے توڑ کیسے کرنے ہیں، سمجھائیے اور ب + ا الگ سے لکھ کر بتائیے کہ 'با' کا توڑ (ب + ا) ہے۔

ARMY PUBLIC SCHOOLS & COLLEGES SYSTEM
RESTRICTED
I SHALL RISE AND SHINE

- متعلقہ ذخیرۂ الفاظ کی پہچان تختہ، تحریر اور فلیش کارڈز کے ذریعہ کروائیں۔
- بچوں کو 'ا' سے 'ژ' تک حُروف کی اعادہ کروائیں اور تختہ، تحریر پر تحریری مشقیں اور تصاویر کی میچنگ کروائیں۔ آدھی اور پوری اشکال کی میچنگ کروائیں۔ سلیٹ پر لکھائی کی مشق کروائیں۔
- 'ا' سے 'ژ' تک خالی جگہ پر کریں۔
- 'ا' سے 'ژ' تک آدھی اور پوری اشکال ترتیب سے لکھوائیں۔ لکھائی کی مشق عملی کتاب صفحہ 68-64 میں کروائیں۔

ARMY PUBLIC SCHOOLS & COLLEGES SYSTEM
RESTRICTED
I SHALL RISE AND SHINE

# قدم بڑھاؤ

## برائے ابتدائی درجہ ۲

## میعاد دوم

ARMY PUBLIC SCHOOLS & COLLEGES SYSTEM
I SHALL RISE AND SHINE
RESTRICTED

# باب۔۷

## اعادہ۔ درسی کتاب صفحات 3-1

- بچوں کو 'ا۔ژ' تک حُروفِ تہجّی کی آدھی اور پوری اشکال کی لکھائی کی مشق کروائیں، میچنگ کروائیں، سلیٹ پر، تختۂ تحریر پر، فلیش کارڈز، اصلی اشیا اور مختلف چیزیں دکھا کر صوتی اور بصری پہچان کروائیں۔
- بچوں سے مختلف حُروف کا ذخیرہ الفاظ پوچھ کر تختۂ تحریر پر تصاویر لگائیں۔
- 'آ۔ژ' کی ٹریسنگ ریت کی ٹرے، میز اور ہوا میں کروائی جائے۔
- قدم بڑھاؤ درسی کتاب صفحات 3-1 کے ذریعے اعادہ کروائیں۔

## حرف 'س'۔ درسی کتاب صفحہ 4

- **مقاصد:** حرف کی صوتی اور بصری پہچان، لکھائی اور ذخیرہ الفاظ
- حرف 'س' کا تعارف اصلی سیب یا فلیش کارڈ دکھا کر کیجیے۔ صوتی پہچان س، س، سیب کروائیں۔
- حرف 'س' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف بذریعہ اصل اشیا، تصاویر اور درسی کتاب صفحہ نمبر 4 کروائیں۔ درست تلفّظ کے ساتھ بلند خوانی کروائیں۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| **ذخیرہ الفاظ:** | سورج | سمندر | سانپ | ساحل | سیر | سائیکل |
| | سیپی | سارس | ستارہ | سیب | سات | سیلاب |

- تمام ذخیرۂ الفاظ کو Sight Words کے طور پر پڑھائے جائے اور بلندخوانی کروائی جائے۔ جہاں ممکن ہو تصاویر اور اصل اشیا دکھائیے۔
- بچوں کو سیلاب سے بچاؤ کے بارے میں معلومات اور احتیاطی تدابیر فراہم کی جائیں۔
- حرف 'س' کی (آدھی اور پوری شکل) بصری پہچان فلیش کارڈ دکھا کر تختۂ تحریر پر کروائیں۔ لائن پر درست بناوٹ سے لکھائی کا طریقہ بتائیں۔
- ہوا، ہتھیلی، میز، ریت کی ٹرے اور درسی کتاب صفحہ نمبر 4 پر لکھائی کی مشق کروائیں۔ دی گئی تصویر میں رنگ بھروائیں۔
- بچوں کو تختۂ تحریر پر بلا کر لائن پر درست بناوٹ سے لکھائی کی مشق کروائیں۔
- عملی کتاب صفحات نمبر 3-1 کروائیں۔

## مختلف پیشے۔ درسی کتاب صفحہ 5

- **مقاصد:** خیالات کا اظہار کرنا، اجتماعی اور انفرادی طور پر سوالوں کے جواب دینا اور تبادلہ خیال کرنا۔
- بچوں سے ان کے والد اور والدہ کے پیشوں کے بارے میں پوچھیں اور مختلف پیشوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں کے بارے میں تبادلہ خیال کریں۔ درسی کتاب صفحہ نمبر 5 پر کسان اور باورچی کے بارے میں معلومات فراہم کی جائیں اور ان کے درمیان تعلق سمجھایا جائے۔ کسان پھل اور سبزیاں اگاتا ہے اور باورچی ان سبزیوں کی مدد سے مزے مزے کے کھانے بناتا ہے۔



ARMY PUBLIC SCHOOLS & COLLEGES SYSTEM
RESTRICTED
ALL RISE AND SHINE

- بچوں کا دھیان چیونٹی پر دلوائیں اور پوچھیں کہ چیونٹی کیا کر رہی ہے؟ اپنے ہاتھ سے کام کرنے کی اہمیت اور مختلف پیشوں کی عزت کرنے پر تبادلہ خیال کریں۔

## حرف 'ش'۔ درسی کتاب صفحہ 6

- **مقاصد:** حرف کی صوتی اور بصری پہچان، لکھائی اور ذخیرہ الفاظ
- حرف ش کی ویڈیو کمپیوٹر / لیپ ٹاپ / ٹیبلٹ پر دکھائیں۔

https://www.youtube.com/watch?v=xE-V_0fkNRI

- حرف 'ش' کا تعارف شربت دکھا کر کیجیے صوتی پہچان ش، ش، شربت کروائیں۔
- حرف 'ش' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف بذریعہ اصل اشیا، تصاویر اور درسی کتاب صفحہ نمبر 6 کروائیں۔ درست تلفّظ کے ساتھ بلند خوانی کروائیں۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **ذخیرہ الفاظ:** | شیر | شال | شہد | شاخ | شام | شلجم | شاگرد |
| | شربت | شترمرغ | شکر | شور | شکل | شمع | شاباش |

- بچوں کو ماحولیاتی شور کے بارے میں آگاہی دیں مثلاً اُونچی آواز میں ٹی وی سُننا، میوزک لگانا یا چیزیں بجانا وغیرہ۔ اس سے دوسروں کے آرام میں خلل پیدا ہوتا ہے۔ ہمیں ایسا نہیں کرنا چاہیے۔
- بچوں کو شیر کی کہانی سنائیں جس میں بچہ جھوٹ بول کر کہتا ہے شیر آیا، شیر آیا۔ جب اصل میں شیر آتا ہے تو کوئی اس کی مدد نہیں کرتا۔ اس کہانی کا اخلاقی پہلو اُجاگر کیجیے اور بچوں کو اخلاقی سبق دیجیے کہ جھوٹ کبھی نہیں بولنا چاہیے۔
- حرف 'ش' کی (آدھی اور پوری شکل) بصری پہچان فلیش کارڈ دکھا کر تختۂ تحریر پر کروائیں لائن پر درست بناوٹ سے لکھائی کا طریقہ بتائیں اور بتایئے کہ س اور ش ایک ہی طرح لکھا جاتا ہے فرق صرف نقطوں کا ہوتا ہے۔
- ہوا، ہتھیلی، میز، ریت کی ٹرے اور درسی کتاب صفحہ نمبر 6 پر لکھائی کی مشق کروائیں۔ دی گئی تصویر میں رنگ بھروائیں۔
- بچوں کو تختۂ تحریر کے سامنے بلا کر لائن پر درست بناوٹ سے لکھائی کی مشق کروائیں۔
- عملی کتاب صفحات نمبر6-4 کروائیں۔

## مختلف پیشے۔ درسی کتاب صفحہ 7

- **مقاصد:** خیالات کا اظہار کرنا، اجتماعی اور انفرادی طور پر سوالوں کے جواب دینا اور تبادلہ خیال کرنا۔
- بچوں سے مختلف پیشوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں کے بارے میں تبادلہ خیال کریں (کسان، باورچی، معمار، بڑھئی، استاد، انجینئر)۔
- درسی کتاب صفحہ نمبر 7 پر معلّمہ مختلف افراد کا اُن کے پیشوں کے حوالے سے اسکول کے ساتھ تعلق واضح کریں۔
- بچوں کا دھیان چیونٹی پر دلوائیں اور پوچھیں کہ چیونٹی کیا کر رہی ہے؟ اپنے ہاتھ سے کام کرنے کی اہمیت اور مختلف پیشوں کی عزت کرنے پر تبادلہ خیال کریں۔

## حرف 'ص'۔ درسی کتاب صفحہ 8

- **مقاصد:** حرف کی صوتی اور بصری پہچان، لکھائی اور ذخیرہ الفاظ

- حرف ص کی ویڈیو کمپیوٹر / لیپ ٹاپ / ٹیبلٹ پر دکھائیں۔

https://www.youtube.com/watch?v=2NzIt9TZBj8

- حرف 'ص' کا تعارف، صراحی کی تصویر دکھا کر کیجیے۔ ص، ص، صراحی صوتی پہچان کروائیں۔ بچوں کو بتائیں کہ صراحی پانی رکھنے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ 'ص' سے صندوق بھی بنتا ہے۔ صندوق میں چیزیں سنبھال کے رکھی جاتی ہیں۔ جن گھروں میں شیلف نہیں ہوتے وہاں صندوق کا استعمال کیا جاتا ہے۔ بچوں کو ترغیب دیں کہ اپنی چیزیں، کھلونے، کتابیں وغیرہ الماری / صندوق میں استعمال کے بعد سنبھال کر رکھیں۔
- حرف 'ص' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف بذریعہ اصل اشیا، تصاویر اور درسی کتاب صفحہ نمبر 8 کروائیں۔ درست تلفّظ کے ساتھ بلند خوانی کروائیں۔

| ذخیرہ الفاظ: | صحت | صاف | صبح | صابن | صوفہ | صفر | صفائی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

- اچھی صحت کے لیے صبح کی سیر، ورزش، اور صحت مند غذا کی اہمیت اور افادیت سے بچوں کو آگاہ کریں۔
- حرف 'ص' کی (آدھی اور پوری شکل) بصری پہچان فلیش کارڈ دکھا کر تختۂ تحریر پر کروائیں لائن پر درست بناوٹ سے لکھائی کا طریقہ بتائیں۔
- ہوا، ہتھیلی، میز، ریت کی ٹرے اور درسی کتاب صفحہ نمبر 8 پر لکھائی کی مشق کروائیں۔ دی گئی تصویر میں رنگ بھروائیں۔ دھوبی کا 'ص' صابن اور کمہار کا 'ص' صراحی سے تعلق واضح کریں۔
- بچوں کو تختۂ تحریر پر بلا کر لائن پر درست بناوٹ سے لکھائی کی مشق کروائیں۔
- عملی کتاب صفحات نمبر 10-7 کروائیں۔
- اساتذہ بچوں کو صابن دکھائیں اور پوچھیں یہ کس لیے استعمال ہوتا ہے ہاتھ دھونے کا عملی مظاہرہ کروائیں۔ ترغیب دیں کہ اپنے جسم کی صفائی، دانت برش کرنا، بالوں میں کنگھی کرنا، منہ ہاتھ دھونا، ناخن تراشنا، صاف کپڑے پہننے کا خاص خیال رکھیں اور ماحولیاتی صفائی کا بھی خیال رکھیں۔ اپنے گرد ونواح کو صاف رکھنا، اپنی اشیا، گھر، محلّے، اسکول وغیرہ میں گندگی نہ پھیلانا، کوڑا کرکٹ اور خالی لفافے نہ پھینکنا وغیرہ۔ بچوں کو آلودگی کے بارے میں معلومات دیں۔
- عملی کتاب صفحہ نمبر 10 پر املا کروائیں اور تصویر میں رنگ بھروائیں۔

## آوازوں کی پہچان۔ درسی کتاب صفحہ 9

- **مقاصد:** خیالات کا اظہار کرنا، اجتماعی اور انفرادی طور پر سوالوں کے جواب دینا اور تبادلہ خیال کرنا۔
- طلبہ مختلف اشیاء اور جانوروں کی آوازیں نکالیں۔ طلبہ کو مختلف آوازیں سنوا کر پہچان کروائی جائے ۔
- درسی کتاب صفحہ نمبر 9 پر دی گئیں تصاویر پر تبادلہ خیال کریں اونچی اور آہستہ آوازوں میں فرق واضح کریں۔
- طلبہ بتائیں کہ وہ اونچی آواز / شور سن کر کیسا محسوس کرتے ہیں ؟
- کیا اونچی آواز صحت کے لیے اچھی ہے؟

## مختلف پیشے۔ درسی کتاب صفحہ 10

- بچوں سے مختلف پیشوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں کے بارے میں تبادلہ خیال کریں (دھوبی، درزی، کمہار، ڈاکٹر)۔

ARMY PUBLIC SCHOOLS & COLLEGES SYSTEM RESTRICTED SHALL RISE AND SHINE

- درسی کتاب صفحہ نمبر 10 پر تصاویر دیکھیں اور بتائیں کہ کون کیا کر رہا ہے۔
- بچوں کا دھیان چیونٹی پر دلوائیں اور پوچھیں کہ چیونٹی کیا کر رہی ہے؟ دوسروں کی مدد کرنا اور مختلف پیشوں کی عزت کرنا پر تبادلہ خیال کریں۔ آپ بڑے ہو کر کیا بنیں گے؟

# باب۔۸

## حرف 'ض'۔ درسی کتاب صفحہ 11

- **مقاصد:** حرف کی صوتی اور بصری پہچان، لکھائی اور ذخیرہ الفاظ
- حرف ض کی ویڈیو کمپیوٹر / لیپ ٹاپ / ٹیبلٹ پر دکھائیں۔
- حرف 'ض' کا تعارف ایک ضعیف شخص کی تصویر دکھا کر کیجیے۔ صوتی پہچان ض، ض، ضعیف کروائیں۔ بچوں کو بتائیے کہ ضعیف سے مراد بوڑھا ہے۔ بچوں کو ترغیب دیجیے کہ بزرگوں اور ضعیفوں سے پیار اور احترام سے پیش آئیں، بڑوں کی بات ماننا، آرام سے بات کرنا، بدتمیزی نہ کرنا، ضد نہ کرنا وغیرہ۔ ہمارا دین اسلام بھی ہمیں یہی سکھاتا ہے۔
- حرف 'ض' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف بذریعہ اصل اشیا، تصاویر اور درسی کتاب صفحہ نمبر 11 کروائیں۔ درست تلفّظ کے ساتھ بلند خوانی کروائیں۔

| ذخیرہ الفاظ: | ضعیف | ضروری | ضرورت | ضد | ضائع |
|---|---|---|---|---|---|

- حرف 'ض' کی (آدھی اور پوری شکل) بصری پہچان فلیش کارڈ دکھا کر تختۂ تحریر پر کروائیں۔ لائن پر درست بناوٹ سے لکھائی کا طریقہ بتائیں اور بتائیے کہ ص اور ض ایک ہی طرح لکھا جاتا ہے فرق صرف نقطے کا ہوتا ہے۔
- ہوا، ہتھیلی، میز، ریت کی ٹرے اور درسی کتاب صفحہ نمبر 11 پر لکھائی کی مشق کروائیں۔ دی گئی تصویر میں رنگ بھروائیں۔
- **سرگرمی:** بچوں سے ضعیف کی اداکاری کروائیں۔ آپ کے گھر میں کون کون ضعیف ہے؟
- بچوں کو تختۂ تحریر پر بلا کر لائن پر درست بناوٹ سے لکھائی کی مشق کروائیں۔
- عملی کتاب صفحات نمبر 14-11 کروائیں۔

## بزرگوں سے سلوک۔ درسی کتاب صفحہ 12 (تصویری مشاہدہ)

- **مقاصد:** خیالات کا اظہار کرنا، اجتماعی اور انفرادی طور پر سوالوں کے جواب دینا اور تبادلہ خیال کرنا۔
- بچوں کو بتایا جائے کہ ہمیں بزرگوں سے کیسا سلوک کرنا چاہیے۔ یہ بھی بتایا جائے کہ بچے اپنے والدین اور دادا، دادی، نانا، نانی یا جو بھی بوڑھے افراد خاندان میں موجود ہیں ان کی مدد اور خدمت کس طریقے سے کر سکتے ہیں۔
- درسی کتاب صفحہ نمبر 12 پر دی گئیں تصاویر پر تبادلہ خیال کریں۔ بچوں کا دھیان چیونٹی پر دلوائیں اور پوچھیں کہ چیونٹی کیا کر رہی ہے؟ بچوں سے پوچھیں کہ گھر میں کوئی بیمار ہو تو اس کی خدمت کیسے کی جا سکتی ہے؟ بچوں کو گھر پر اپنے امّی، ابّو کی مدد اور خدمت کرنے کی ترغیب دیں اور روزانہ پوچھیے کہ آج کس کس بچے نے اپنے امّی، ابّو کی مدد کس طرح کی؟

ARMY PUBLIC SCHOOLS & COLLEGES SYSTEM
RESTRICTED
I SHALL RISE AND SHINE

## حرف 'ط'۔ درسی کتاب صفحہ 13

- **مقاصد:** حرف کی صوتی اور بصری پہچان، لکھائی اور ذخیرہ الفاظ
- حرف ط کی ویڈیو کمپیوٹر / لیپ ٹاپ / ٹیبلٹ پر دکھائیں۔

https://www.youtube.com/watch?v=rvwWIU95DuY

- حرف 'ط' کا تعارف، بچوں کو طوطے کی تصویر یا اصلی طوطا دکھا کر کروائیں۔ صوتی پہچان ط، ط، طوطا کروائیں۔ ساتھ ہی ساتھ بچوں میں پرندوں سے پیار اور اُن کا خیال رکھنے کے جذبے کو اُبھاریں۔ بچوں کو ترغیب دیں کہ پرندوں اور جانوروں کا خیال کیسے رکھا جاتا ہے (پرندوں کے گھونسلوں سے انڈے نکالنا یا گھونسلا توڑنا بُری بات ہے)۔ اگر گھر میں پرندے پالے ہیں تو ہمیں پرندوں کی خوراک اور رہنے کی جگہ (پنجرے کی صفائی) کا خاص خیال رکھنا چاہیے۔
- حرف 'ط' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف بذریعہ اصل اشیا، تصاویر اور درسی کتاب صفحہ نمبر 13 کروائیں۔ درست تلفّظ کے ساتھ بلند خوانی کروائیں۔

| **ذخیرہ الفاظ:** | طوطا | طیارہ | طاقت | طوفان |
|---|---|---|---|---|

- بچوں کو طوفان / آندھی اور ان سے بچاؤ کی احتیاطی تدابیر کے بارے میں بتائیں۔ تیز ہوا یا بارش کی صورت میں بچوں کو گھر سے باہر نہیں نکلنا چاہیے۔ اگر باہر کھیل رہے ہیں تو جلدی سے گھر جائیں یا کسی چھت کے نیچے پناہ لیں۔ بارش میں بھیگنے سے سردی لگ سکتی ہے اور آسمانی بجلی کے گرنے کا بھی خطرہ ہوتا ہے۔
- حرف 'ط' کی بصری پہچان فلیش کارڈ دکھا کر تختۂ تحریر پر کروائیں۔ لائن پر درست بناوٹ سے لکھائی کا طریقہ بتائیں۔ بچوں کو بتائیے کہ 'ط' کی آدھی شکل نہیں ہوتی۔
- ہوا، ہتھیلی، میز، ریت کی ٹرے اور درسی کتاب صفحہ نمبر 13 پر لکھائی کی مشق کروائیں۔ دی گئی تصویر میں رنگ بھروائیں۔ بچوں کو تختۂ تحریر پر بلا کر لائن پر درست بناوٹ سے لکھائی کی مشق کروائیں۔
- عملی کتاب صفحات نمبر 17-15 کروائیں۔

## معلومات کے ذرائع۔ درسی کتاب صفحہ 14 (تصویری مشاہدہ)

- **مقاصد:** خیالات کا اظہار کرنا، اجتماعی اور انفرادی طور پر سوالوں کے جواب دینا اور تبادلہ خیال کرنا
- بچوں کو معلومات کے مختلف ذرائع کے ناموں کا تعارف کروائیں، ان کی اہمیت اور فوائد سے آگاہ کریں۔ درسی کتاب صفحہ نمبر 14 پر دی گئیں تصاویر کو پہچان کر نام بتائیں۔
- بچوں کا دھیان چیونٹی پر دلوائیں اور پوچھیں کہ چیونٹی کیا کر رہی ہے؟ ٹیلی فون پر گفتگو کے آداب پر تبادلہ خیال کریں۔

## اعادہ۔ درسی کتاب صفحہ 15

- حُروف ا۔ض کی اعادہ کروائیں (آدھی اور پوری شکل) فلیش کارڈز دکھا کر بچوں سے بلند خوانی کروائیں۔
- الف کے ساتھ جوڑ کر دو حرفی الفاظ کا تعارف فلیش کارڈز اور تختۂ تحریر پر لکھ کر کروائیں۔ س + ا = سا تختۂ تحریر پر لکھتے ہوئے س کی آدھی شکل کو لال رنگ سے لکھیں اور 'ا' کو کالے رنگ سے تاکہ بچوں کو معلوم ہو جائے کہ 'سا' کیسے جوڑا گیا ہے۔ حُروف س۔ض کو الف سے جوڑنے کی مشق تختۂ تحریر پر اور ریت کی ٹرے پر کروائیں۔
- درسی کتاب صفحہ نمبر 15 عملی کتاب صفحہ نمبر 14 کروائیں۔

ARMY PUBLIC SCHOOLS & COLLEGES SYSTEM RESTRICTED I SHALL RISE AND SHINE

## حرف ’ظ‘۔ درسی کتاب صفحہ 16

- **مقاصد:** حرف کی صوتی اور بصری پہچان، لکھائی اور ذخیرہ الفاظ
- حرف ظ کی ویڈیو کمپیوٹر / لیپ ٹاپ / ٹیبلٹ پر دکھائیں۔

https://www.youtube.com/watch?v=cxCycFCAWuo

- بچوں سے نمازوں کے نام پوچھیں (فجر، ظہر، عصر، مغرب ، عشا) بچوں کو بتائیں کہ لفظ ظہر ’ظ‘ سے بنتا ہے۔ صوتی پہچان ظ، ظ، ظہر کروائیں۔ ساتھ ساتھ نماز کے فوائد اور اخلاقی پہلو بچوں کو بتائیں۔
- حرف ’ظ‘ ظروف کی تصویر دکھا کر متعارف کروائیے اور تختۂ تحریر پر بڑا سا ’ظ‘ لکھیے۔ اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور نام پوچھیے۔

| **ذخیرہ الفاظ:** | ظلم | ظروف | ظہر | ظالم | ظاہر |
|---|---|---|---|---|---|

- ظلم اور ظالم کو بچوں کی عمر کے مطابق واضح کریں اور بتائیں کہ ہمیں کسی کو تنگ نہیں کرنا چاہیے اور کسی کو تکلیف نہیں پہنچانی چاہیے۔
- حرف ’ظ‘ کی بصری پہچان فلیش کارڈ دکھا کر تختۂ تحریر پر کروائیں۔ لائن پر درست بناوٹ سے لکھائی کا طریقہ بتائیں اور بتائیے کہ ’ط‘ اور ’ظ‘ ایک ہی طرح لکھا جاتا ہے فرق صرف نقطے کا ہوتا ہے۔ بچوں کو بتائیے کہ ’ظ‘ کی آدھی شکل نہیں ہوتی۔
- ہوا، ہتھیلی، میز، ریت کی ٹرے اور درسی کتاب صفحہ نمبر 16 پر لکھائی کی مشق کروائیں۔دی گئی تصویر میں رنگ بھروائیں۔ بچوں کو تختۂ تحریر پر بلا کر لائن پر درست بناوٹ سے لکھائی کی مشق کروائیں۔
- عملی کتاب صفحات نمبر 18-20 کروائیں۔

## معلومات کے ذرائع۔ درسی کتاب صفحہ 17(تصویری مشاہدہ)

**مقاصد:** خیالات کا اظہار کرنا، اجتماعی اور انفرادی طور پر سوالوں کے جواب دینا اور تبادلہ خیال کرنا۔

- بچوں کو معلومات کے مختلف ذرائع کے ناموں کا اعادہ کروائیں ان کی اہمیت اور فوائد پر تبادلہ خیال کریں۔
- درسی کتاب صفحہ نمبر 17 پر دی گئی تصویر کو پہچان کر نام بتائیں بچوں کو کمپیوٹر کے فوائد سے آگاہ کیا جائے اور کمپیوٹر کے استعمال کے بارے میں گفتگو کریں۔ بچوں سے پوچھیں کہ وہ اپنے کمپیوٹر پر کیا کیا کرتے ہیں؟
- بچوں کا دھیان چیونٹی پر دلوائیں اور پوچھیں کہ چیونٹی کیا کر رہی ہے؟ بچوں کو کمپیوٹر زیادہ استعمال کرنے کے نقصانات سے بھی آگاہ کیا جائے۔

## اعادہ۔ درسی کتاب صفحات 18-20

- ’ا سے ظ‘ تک حُروف اور متعلقہ ذخیرۂ الفاظ کی اعادہ بذریعہ تختۂ تحریر، فلیش کارڈز اور حقیقی اشیا کروائیں۔
- بچوں کو بلا کر ’ا سے ظ‘ ترتیب وار فلیش کارڈ تختۂ تحریر پر چسپاں کروائیں۔ پھر دوسری طرف حرف نقل کر کے لکھنے کو کہیں اور ہر حرف سے متعلقہ ذخیرۂ الفاظ پوچھیں۔
- دوسری مشق میں مختلف حُروف کو اوپر نیچے لکھ کر بچوں سے کالم ملوائیے۔
- **گروہی کام:** بچوں سے ’ا سے ظ‘ سے شروع ہونے والی اشیا کی تصاویر یا اسٹکر منگوائیں اور چارٹ پیپر کی پٹیوں پر چسپاں کروائیں

ARMY PUBLIC SCHOOLS & COLLEGES SYSTEM
RESTRICTED
SHAPE AND SHINE

اور حُروف لکھوائیں۔

- درسی کتاب صفحات 20-18 اور عملی کتاب صفحہ 22 کروائیں۔
- عملی کتاب صفحہ نمبر 21 پر املا کروائیں اور تصویر میں رنگ بھروائیں۔

# باب۔۹

## حرف 'ع'۔ درسی کتاب صفحہ 21

- **مقاصد:** حرف کی صوتی اور بصری پہچان، لکھائی اور ذخیرہ الفاظ
- حرف ع کی ویڈیو کمپیوٹر / لیپ ٹاپ / ٹیبلٹ پر دکھائیں۔

https://www.youtube.com/watch?v=PufkgYJNv8c

- حرف 'ع' کا تعارف بچوں کو اصلی عینک دکھا کر کروائیے۔ بصری اور صوتی پہچان ع، ع، عینک بذریعہ فلیش کارڈز اور اصل اشیا دکھا کر کریں۔
- حرف 'ع' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف بذریعہ اصل اشیا، تصاویر اور درسی کتاب صفحہ نمبر 21 کروائیں۔ درست تلفّظ کے ساتھ بلند خوانی کروائیں۔

| **ذخیرہ الفاظ:** | عید | عصر | عقل | عبادت | علم | عادت | علاج |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

- بچوں کو بتائیں کہ عینکیں مختلف قسم کی ہوتی ہیں (سَن گلاسز، نظر کی عینک وغیرہ) بچوں کو آنکھوں کا خیال رکھنے کی تلقین کریں۔ بچوں کو تنبیہ کریں کہ بہت زیادہ ٹی وی / کارٹون نہ دیکھیں اس سے نظر کمزور ہوتی ہے۔ ساتھ ہی ساتھ یہ بھی بتائیں کہ آنکھوں میں گندے ہاتھ نہ لگائیں اور کھانا کھانے اور کھیلنے کے بعد منھ ہاتھ اچھی طرح دھوئیں۔ نظر کمزور ہونے کی صورت میں چشمہ / عینک باقاعدگی سے لگائیں۔
- حرف 'ع' کی (آدھی اور پوری شکل) بصری پہچان فلیش کارڈ دکھا کر تختۂ تحریر پر کروائیں۔ لائن پر درست بناوٹ سے لکھائی کا طریقہ بتائیں۔
- ہوا، ہتھیلی، میز، ریت کی ٹرے اور درسی کتاب صفحہ نمبر 21 پر لکھائی کی مشق کروائیں۔ دی گئی تصویر میں رنگ بھروائیں۔
- بچوں کو تختۂ تحریر پر بلا کر لائن پر درست بناوٹ سے لکھائی کی مشق کروائیں۔
- عملی کتاب صفحات نمبر 25-23 کروائیں۔
- **سرگرمی:** عید کے بارے میں گفتگو کریں اور بتائیں کہ عید ہمارا اسلامی تہوار ہے۔ ہم سال میں دو عیدیں مناتے ہیں۔
- **تبادلہ خیال:** دونوں عیدوں کے موقع پر کی جانے والی تیاریوں اور سرگرمیوں کے بارے میں تبادلہ خیال کریں۔

## ذرائع آمد و رفت۔ درسی کتاب صفحہ 22

- **مقاصد:** خیالات کا اظہار کرنا، اجتماعی اور انفرادی طور پر سوالوں کے جواب دینا اور تبادلہ خیال کرنا۔
- بچوں کو سڑک پر چلنے والے مختلف ذرائع آمد و رفت کے ناموں سے متعارف کروائیں۔ ان کی اہمیت اور فوائد پر تبادلہ خیال کریں۔ بچے بتائیں کہ وہ اسکول کیسے آتے ہیں؟

ARMY PUBLIC SCHOOLS & COLLEGES SYSTEM
RESTRICTED
I SHALL RISE AND SHINE

- بچوں کو بتایا جائے کہ جب گاڑیاں نہیں تھیں تو ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا کتنا مشکل تھا۔لوگ اونٹ ، گھوڑے، وغیرہ پر سفر کیا کرتے تھے۔ درسی کتاب صفحہ نمبر 22 پر دی گئیں تصاویر کو پہچان کر نام بتائیں۔
- بچوں کا دھیان چیونٹی پر دلوائیں اور پوچھیں کہ چیونٹی کیا کر رہی ہے؟ بچوں کو سڑک پر چلنے اور ٹریفک کے قوانین سے آگاہ کریں۔ بچوں کو بتائیں کہ ہمیشہ امّی ابّو کا ہاتھ پکڑ کر سڑک پار کرنی چاہیے۔

## حرف 'غ'۔ درسی کتاب صفحہ 23

- **مقاصد:** حرف کی صوتی اور بصری پہچان، لکھائی اور ذخیرہ الفاظ
- حرف غ کی ویڈیو کمپیوٹر / لیپ ٹاپ / ٹیبلٹ پر دکھائیں۔

https://www.youtube.com/watch?v=iMt9iL0PetE

- حرف 'غ' کا تعارف بچوں کو غبارہ دکھا کر کروائیں۔ صوتی پہچان غ، غ، غبارہ کروائیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ غبارے کو دانتوں سے ہرگز نہ کاٹیں۔ اس طرح غبارہ پھٹ سکتا ہے اور اس کا ربڑ منہ کے اندر جا سکتا ہے۔ اسی طرح گیس والے غباروں کو ہرگز آگ / گرم اشیا کے پاس نہ لے جایا جائے۔ یہ پھٹ جاتے ہیں اور ان سے آگ پھیل سکتی ہے جو حادثات کا باعث بن سکتی ہے۔
- بچوں کو روزانہ غسل کرنے کے فوائد اور جسمانی صفائی سے متعلق ہدایات دیں۔ ساتھ ساتھ بتائیں، غسل کرنے سے صحت بہتر ہوتی ہے۔ بیماریاں حملہ آور نہیں ہوتیں۔
- حرف 'غ' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف بذریعہ اصل اشیا، تصاویر اور درسی کتاب صفحہ نمبر 23 کروائیں۔ درست تلفّظ کے ساتھ بلند خوانی کروائیں۔

| ذخیرہ الفاظ: | غصہ | غریب | غذا | غم | غوطہ | غسل | غرور | غول |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|

- بچوں کو بتایا جائے کہ ہمیں غصہ نہیں کرنا چاہیے اور اگر غصہ آئے تو کیا کرنا چاہیے۔
- حرف 'غ' کی (آدھی اور پوری شکل) بصری پہچان فلیش کارڈ دکھا کر تختۂ تحریر پر کروائیں۔ لائن پر درست بناوٹ سے لکھائی کا طریقہ بتائیں اور بتائیے کہ 'ع اور غ' ایک ہی طرح لکھا جاتا ہے، فرق صرف نقطے کا ہوتا ہے۔
- ہوا، ہتھیلی، میز، ریت کی ٹرے اور درسی کتاب صفحہ نمبر 23 پر لکھائی کی مشق کروائیں۔ دی گئی تصویر میں رنگ بھروائیں۔
- بچوں کو تختۂ تحریر پر بلا کر لائن پر درست بناوٹ سے لکھائی کی مشق کروائیں۔ عملی کتاب صفحات نمبر 28-26 کروائیں۔
- **سرگرمی:** رنگ برنگے غبارے کمرہ جماعت میں لٹکائے جائیں۔

## ذرائع آمد و رفت۔ درسی کتاب صفحہ 24 (تبادلہ خیال)

- **مقاصد:** خیالات کا اظہار کرنا، اجتماعی اور انفرادی طور پر سوالوں کے جواب دینا اور تبادلہ خیال کرنا۔
- بچوں کو ہوا میں چلنے والے مختلف ذرائع آمد و رفت کے ناموں سے متعارف کروائیں۔ ان کی اہمیت اور فوائد پر تبادلہ خیال کریں۔
- درسی کتاب صفحہ نمبر 24 پر دی گئیں تصاویر کو پہچان کر نام بتائیں اور پوچھیں کسی کو ہوائی جہاز پر سفر کرنے کا اتفاق ہوا ہے؟ بچوں کو تمام تصاویر کے بارے میں بتایا جائے اور انہیں یہ بھی بتایا جائے کہ ہوائی جہاز کی وجہ سے فاصلے کتنے کم ہو گئے ہیں۔

## اعادہ۔ درسی کتاب صفحہ 25

- حُروف 'س۔غ' کی اعادہ بذریعہ فلیش کارڈز، تصاویر اور اصل اشیا کروائیں۔
- درسی کتاب صفحہ نمبر 25 پر دی گئیں تصاویر کو پہچان کر نام بتائیں اور پہلا حرف لکھیں۔

## نرم سخت۔ درسی کتاب صفحہ 26

- نرم سخت کی پہچان مختلف مثالوں کے ذریعے کروائیں۔ بچوں سے پوچھا جائے کہ مثالوں سے واضح کریں کہ کون سے چیزیں نرم ہوتی ہیں اور کونسی چیزیں سخت
- طلبہ مختلف اصل اشیا کو چھو کر بتائیں کہ یہ سخت ہے یا نرم؟
- درسی کتاب صفحہ 26 پر دی گئی تصاویر میں سے نرم اشیا پر ✓ کا نشان لگائیں۔

## حرف 'ف'۔ درسی کتاب صفحہ 27

- **مقاصد:** حرف کی صوتی اور بصری پہچان، لکھائی اور ذخیرہ الفاظ
- حرف ف کی ویڈیو کمپیوٹر / لیپ ٹاپ / ٹیبلٹ پر دکھائیں۔

https://www.youtube.com/watch?v=y3aiOVBIDuU

- حرف 'ف' کا تعارف فوجی کی تصویر دکھا کر کروائیں۔ صوتی پہچان ف، ف، فوجی کروائیں۔ بچوں کو بتائیے کہ فوجی جوان وطن کی حفاظت کرتے ہیں، سرحدوں پر پہرہ دیتے ہیں تا کہ ہم آرام کی نیند سو سکیں۔ دشمن کو اپنے وطن میں آنے سے روکتے ہیں۔ اپنے وطن پر جان قربان کرتے ہیں، اس لیے ہمیں اُن کی عزت کرنی چاہیے۔ ہمیں بھی اپنے وطن کے لیے اچھے کام کرنے چاہئیں۔ دل لگا کر پڑھائی کرنی چاہیے اور خوب محنت کریں تاکہ بڑے ہو کر ہم وطن کا نام روشن کر سکیں۔ بچوں میں جذبہ حب الوطنی بیدار کیا جائے کہ وطن سے، وطن کی چیزوں سے، وطن کے لوگوں سے محبت کریں اور پاکستانی ہونے پر فخر محسوس کریں۔
- حرف 'ف' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف بذریعہ اصل اشیا، تصاویر اور درسی کتاب صفحہ نمبر 27 کروائیں۔ درست تلفّظ کے ساتھ بلند خوانی کروائیں۔

| ذخیرہ الفاظ: | فوج | فانوس | فارغ | فقیر | فرش | فرشتہ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | فعل | فرمائش | فاصلہ | فاختہ | فالودہ | فصل |

- بچوں کو بتائیں کہ فقیر مانگنے والے کو کہتے ہیں۔ جس کے پاس کچھ نہ ہو۔ ہمیں فقیروں اور مانگنے والوں کے ساتھ بھی اچھے طریقے سے پیش آنا چاہیے۔ انہیں ڈانٹنا اور بُرا بھلا نہیں کہنا چاہیے۔
- حرف 'ف' کی (آدھی اور پوری شکل) بصری پہچان فلیش کارڈ دکھا کر تختۂ تحریر پر کروائیں۔ لائن پر درست بناوٹ سے لکھائی کا طریقہ بتائیں۔
- ہوا، ہتھیلی، میز، ریت کی ٹرے اور درسی کتاب صفحہ نمبر 27 پر لکھائی کی مشق کروائیں۔ دی گئی تصویر میں رنگ بھروائیں۔
- بچوں کو تختۂ تحریر پر بلا کر لائن پر درست بناوٹ سے لکھائی کی مشق کروائیں۔ عملی کتاب صفحات نمبر 31-29 کروائیں۔

## ذرائع آمد و رفت۔ درسی کتاب صفحہ 28 (تبادلہ خیال)

- **مقاصد:** خیالات کا اظہار کرنا، اجتماعی اور انفرادی طور پر سوالوں کے جواب دینا اور تبادلہ خیال کرنا۔
- بچوں کو پانی میں چلنے والے مختلف ذرائع آمد و رفت کے ناموں سے متعارف کروائیں۔ ان کی اہمیت اور فوائد پر تبادلہ خیال کریں۔
- درسی کتاب صفحہ نمبر 28 پر دی گئیں تصاویر کو پہچان کر نام بتائیں اور پوچھیں کون کون کشتی میں بیٹھا ہے؟ بچوں کو پانی میں چلنے والی کشتی اور جہاز کے بارے میں بتایا جائے۔
- بچوں کو بتایا جائے کہ فوجی ہوا، پانی اور زمین پر اپنے ملک کی حفاظت کرتے ہیں۔

# باب۔۱۰

## حرف 'ق'۔ درسی کتاب صفحہ 29

- **مقاصد:** حرف کی صوتی اور بصری پہچان، لکھائی اور ذخیرہ الفاظ
- حرف ق کی ویڈیو کمپیوٹر / لیپ ٹاپ / ٹیبلٹ پر دکھائیں۔

https://www.youtube.com/watch?v=vHZSioMOGgE

- قائداعظم کی تصویر دکھائیے۔ صوتی پہچان ق، ق، قائداعظم کروائیں۔ بچوں کو قائداعظم کے بارے میں معلومات دیجیے اور پاکستان بنانے کی جدوجہد میں قائداعظم کے کردار اور جذبے پر روشنی ڈالیے۔ بچوں میں جذبہ حبُ الوطنی کو اُبھاریں۔
- حرف 'ق' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف بذریعہ اصل اشیا، تصاویر اور درسی کتاب صفحہ نمبر 29 کروائیں۔ درست تلفّظ کے ساتھ بلند خوانی کروائیں۔

| ذخیرہ الفاظ: | قطرہ | قدم | قبلہ | قاعدہ | قاضی | قاری |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | قطار | قوم | قصّہ | قالین | قد | قہوہ |

- بچوں کو بتائیں کہ ہمیں اپنی باری کا انتظار کرنا چاہیے اور قطار میں کھڑا ہونا چاہیے۔ قطار توڑنی نہیں چاہیے۔ روزمرّہ زندگی کی مثالیں دے کر بچوں کو قطار بندی کے فوائد بتائیے۔ بچوں سے کلاس میں قطار بنوائی جائے۔
- حرف 'ق' کی (آدھی اور پوری شکل) بصری پہچان فلیش کارڈ دکھا کر تختۂ تحریر پر کروائیں۔ لائن پر درست بناوٹ سے لکھائی کا طریقہ بتائیں۔
- ہوا، ہتھیلی، میز، ریت کی ٹرے اور درسی کتاب صفحہ نمبر 29 پر لکھائی کی مشق کروائیں۔ دی گئی تصویر میں رنگ بھروائیں۔
- بچوں کو تختۂ تحریر پر بلا کر لائن پر درست بناوٹ سے لکھائی کی مشق کروائیں۔ عملی کتاب صفحات نمبر 32-25 کروائیں۔
- **سرگرمی:** بچوں کو قومی ترانہ موبائل، لیپ ٹاپ، یا ٹیبلٹ پر سُنوائیں اور ساتھ پڑھیں۔

## کھردرا ملائم۔ درسی کتاب صفحہ 30

- کھردرا ملائم کی پہچان مختلف اشیا دکھا کر اور مثالوں کے ذریعے کروائیں۔ بچوں سے پوچھا جائے کہ ان کے گھر میں یا کھیل کے میدان میں کونسی چیزیں کھردری ہیں اور کونسی ملائم
- طلبہ درسی کتاب صفحہ نمبر ۳۰ پر تصویری مشاہدہ کریں اور کھردری اشیا میں رنگ بھریں ۔

ARMY PUBLIC SCHOOLS & COLLEGES SYSTEM RESTRICTED SHAPE RISE AND SHINE

## حُروف کو الف سے جوڑنا۔ عملی کتاب صفحہ 35

- 'ط۔ق' حُروف کو الف سے جوڑنے کی مشق تختۂ تحریر پر کروائیں اور عملی کتاب صفحہ نمبر 35 پر لکھائی کروائیں۔

## حرف 'ک'۔ درسی کتاب صفحہ 31

- **مقاصد:** حرف کی صوتی اور بصری پہچان، لکھائی اور ذخیرہ الفاظ
- حرف ک کی ویڈیو کمپیوٹر / لیپ ٹاپ / ٹیبلٹ پر دکھائیں۔

https://www.youtube.com/watch?v=Myixy6Pu498

- حرف 'ک' کا تعارف اور صوتی پہچان ایک کتاب دکھا کر کروائیے۔ بچوں کو کتابوں کی حفاظت اور دیکھ بھال سے متعلق معلومات دیں۔ انہیں بتائیں کہ کتاب / نوٹ بک / ڈائری سے صفحے پھاڑنا بُری بات ہے۔
- حرف 'ک' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف بذریعہ اصل اشیا، تصاویر اور درسی کتاب صفحہ نمبر 31 کروائیں۔ درست تلفّظ کے ساتھ بلند خوانی کروائیں۔

| ذخیرہ الفاظ: | کہانی | کانٹا | کڑوا | کاغذ | کالا | کان | کمر | کام |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| | کریلا | کیڑا | کعبہ | کپڑا | کنگھی | کدّو | کسان | کباب |

- بچوں سے پوچھیں کہ کسی نے کبھی کشتی میں سفر کیا ہے تو اس کے بارے میں اپنے دوستوں کو بتائیں۔ بچوں کو کشتی کے بارے میں بتائیں کہ اس کے ذریعے پانی میں سفر کیا جاتا ہے۔ کشتیاں مختلف قسم کی ہوتی ہیں۔ مثلاً آب دوز، کشتی، پانی کا جہاز وغیرہ۔ بچوں کو تصاویر دکھائیں اور بچوں کو بتائیں کہ کشتی میں سفر کرتے ہوئے کیا احتیاطی تدابیر اختیار کرنی چاہئیں۔
- حرف 'ک' کی (آدھی اور پوری شکل) بصری پہچان فلیش کارڈ دکھا کر تختۂ تحریر پر کروائیں۔ لائن پر درست بناوٹ سے لکھائی کا طریقہ بتائیں۔
- ہوا، ہتھیلی، میز، ریت کی ٹرے اور درسی کتاب صفحہ نمبر 31 پر لکھائی کی مشق کروائیں۔ دی گئی تصویر میں رنگ بھروائیں۔
- بچوں کو تختۂ تحریر پر بلا کر لائن پر درست بناوٹ سے لکھائی کی مشق کروائیں۔ عملی کتاب صفحات نمبر 38-36 کروائیں۔

## حرف 'گ'۔ درسی کتاب صفحہ 32

- **مقاصد:** حرف کی صوتی اور بصری پہچان، لکھائی اور ذخیرہ الفاظ
- حرف گ کی ویڈیو کمپیوٹر / لیپ ٹاپ / ٹیبلٹ پر دکھائیں۔

https://www.youtube.com/watch?v=Z7ldV3v69Uc

- حرف 'گ' کا تعارف ایک گلاب کا پھول یا گیند دکھا کر کروائیے۔ صوتی پہچان گ، گ، گلاب کروائیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ پھول نہ توڑیں۔ پھولوں کے ساتھ کانٹے بھی ہوتے ہیں جو بچوں کو چُبھ سکتے ہیں۔ بچوں کو پودوں اور پھولوں کی دیکھ بھال سے متعلق ہدایات دیں۔
- حرف 'گ' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف بذریعہ اصل اشیا، تصاویر اور درسی کتاب صفحہ نمبر 32 کروائیں۔ درست تلفّظ کے ساتھ بلند خوانی کروائیں۔

ARMY PUBLIC SCHOOLS & COLLEGES SYSTEM
RESTRICTED
I SHALL RISE AND SHINE

| ذخیرہ الفاظ: | گال | گول | گاڑی | گیند | گوشت | گندم | گندگی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | گدھا | گند | گوبھی | گائے | گھڑا | گردن | گرمی |

- بچوں کو بتائیں کہ گند، گندگی سے مراد کوڑا کرکٹ (چپس / بسکٹ کے خالی ریپر / لفافے، ٹشو پیپر، فروٹ / سبزیوں کے چھلکے، کاغذ اور بچا ہوا کھانا وغیرہ) زمین پر نہ پھینکیں بلکہ کوڑا دان میں ڈالیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ سبزیاں (گاجر، گوبھی وغیرہ) ہماری صحت کے لیے ضروری اور اچھے ہیں اس لیے ہمیں سبزیاں کھانی چاہئیں۔ پکا کر بھی اور بطورِ سلاد بھی۔
- گڑیا، گاڑی کا تعارف کرواتے وقت بچوں کو مِل جُل کر کھیلنے کی تلقین کی جائے۔ حرف 'گ' کی (آدھی اور پوری شکل) بصری پہچان فلیش کارڈ دکھا کر تختۂ تحریر پر کروائیں ۔لائن پر درست بناوٹ سے لکھائی کا طریقہ بتائیں۔
- ہوا، ہتھیلی، میز، ریت کی ٹرے اور درسی کتاب صفحہ نمبر 32 پر لکھائی کی مشق کروائیں۔ دی گئی تصویر میں رنگ بھروائیں۔ بچوں کو تختۂ تحریر پر بلا کر لائن پر درست بناوٹ سے لکھائی کی مشق کروائیں۔
- عملی کتاب صفحات نمبر 41-39 کروائیں۔
- **سرگرمی:** بچوں کو باہر لان میں لے جا کر گیند سے کوئی گیم کھیلائیں۔

## مختلف کھیل۔ درسی کتاب صفحہ 33 (تصویری مشاہدہ)

- مقاصد: خیالات کا اظہار کرنا، اجتماعی اور انفرادی طور پر سوالوں کے جواب دینا اور تبادلہ خیال کرنا۔
- بچوں کو کھیلوں کی اہمیت اور فوائد سے آگاہ کریں۔ بچوں سے مختلف کھیلوں کے بارے میں تبادلہ خیال کریں۔بچے اپنے پسندیدہ کھیل کے بارے میں بتائیں کہ انہیں کون سا کھیل پسند ہے اور وہ کون کون سے کھیل کھیلتے ہیں۔
- درسی کتاب صفحہ نمبر 33 پر دی گئیں تصاویر کو پہچان کر نام بتائیں۔
- بچوں کا دھیان چیونٹی پر دلوائیں اور پوچھیں کہ چیونٹی کیا کر رہی ہے؟ بچوں کو بتائیں کہ ہمارا قومی کھیل ہاکی ہے۔

## حرف 'ل'۔ درسی کتاب صفحہ 34

- **مقاصد:** حرف کی صوتی اور بصری پہچان، لکھائی اور ذخیرہ الفاظ
- حرف ل کی ویڈیو کمپیوٹر / لیپ ٹاپ / ٹیبلٹ پر دکھائیں۔

https://www.youtube.com/watch?v=RIbUu-CCNgk

- حرف 'ل' کا تعارف ایک لیموں دکھا کر کروائیے۔ ایک لڑکا / لڑکی کو سامنے بلا کر حرف 'ل' کی صوتی پہچان ل، ل، لڑکا کروائیں۔
- حرف 'ل' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف بذریعہ اصل اشیا، تصاویر اور درسی کتاب صفحہ نمبر 34 کروائیں۔ درست تلفّظ کے ساتھ بلند خوانی کروائیں۔

| ذخیرہ الفاظ: | لڑائی | لاہور | لڑکی | لالٹین | لومڑی | لونگ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | لالچ | لکڑی | لوہا | لمبا | لوہار | لڑکا |

- بچوں کو بتائیں کہ لالٹین روشنی دینے کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ جن جگہوں پر لائٹ اور بجلی نہیں وہاں موم بتی اور لالٹین

ARMY PUBLIC SCHOOLS & COLLEGES SYSTEM
RESTRICTED
I SHALL RISE AND SHINE

وغیرہ استعمال ہوتی ہے۔ بچوں کو دونوں اشیا کے استعمال کی احتیاطی تدابیر بتائیں کہ موم بتی اور لالٹین دونوں سے کھیلنا نہیں چاہیے اس سے آگ لگ سکتی ہے۔

- حرف 'ل' کی (آدھی اور پوری شکل) بصری پہچان فلیش کارڈ دکھا کر تختۂ تحریر پر کروائیں۔ لائن پر درست بناوٹ سے لکھائی کا طریقہ بتائیں۔
- ہوا، ہتھیلی، میز، ریت کی ٹرے اور درسی کتاب صفحہ نمبر 34 پر لکھائی کی مشق کروائیں۔ دی گئی تصویر میں رنگ بھروائیں۔ بچوں کو تختۂ تحریر پر بلا کر لائن پر درست بناوٹ سے لکھائی کی مشق کروائیں۔
- عملی کتاب صفحات نمبر 44-42 کروائیں۔

## مختلف کھیل۔ درسی کتاب صفحات 36-35 (تبادلہ خیال)

- **مقاصد:** خیالات کا اظہار کرنا، اجتماعی اور انفرادی طور پر سوالوں کے جواب دینا اور تبادلہ خیال کرنا۔
- بچوں کو کھیلوں کی اہمیت اور فوائد سے آگاہ کریں۔ بچوں سے مختلف کھیلوں کے بارے میں تبادلہ خیال کریں۔ درسی کتاب صفحہ نمبر 35 پر دی گئیں تصاویر کو پہچان کر نام بتائیں۔
- بچوں کا دھیان چیونٹی پر دلوائیں اور پوچھیں کہ چیونٹی کیا کر رہی ہے؟ بچوں کو بتائیں کہ کھیل ہماری صحت کے لیے بہت ضروری ہے۔
- درسی کتاب صفحہ نمبر 36 پر بچوں سے ان کے پسندیدہ کھیل کی تصویر بنوائیں۔
- عملی کتاب صفحہ نمبر 45 پر املا کروائیں اور تصویر میں رنگ بھروائیں۔

# باب۔۱۱

## حرف 'م'۔ درسی کتاب صفحہ 37

- **مقاصد:** حرف کی صوتی اور بصری پہچان، لکھائی اور ذخیرہ الفاظ
- حرف م کی ویڈیو کمپیوٹر/ لیپ ٹاپ/ ٹیبلٹ پر دکھائیں۔
https://www.youtube.com/watch?v=swikgEdepCs
- نظم مہمان آئے، میاں مگر مچھ بچوں کے ساتھ مل کر گائیے۔
- حرف 'م' کا تعارف اور صوتی پہچان ایک مچھلی کی تصویر دکھا کر کراویے۔
- حرف 'م' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف بذریعہ اصل اشیا، تصاویر اور درسی کتاب صفحہ نمبر 37 کروائیں۔ درست تلفّظ کے ساتھ بلند خوانی کروائیں۔
- مچھر کے کاٹنے سے ملیریا/ ڈینگی کا مرض ہو سکتا ہے۔ بچوں کو ڈینگی کے بارے میں معلومات اور اس سے بچاؤ کے لیے احتیاطی تدابیر بتائیں۔ پورے بازو والے کپڑے پہنیں، شام کو باہر نہ جائیں، مچھر سے بچاؤ کا لوشن یا اسپرے استعمال کریں وغیرہ۔

| ذخیرہ الفاظ: | ماں | مچھلی | مالی | مرغی | مٹر | مور |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | مسجد | مٹی | موتی | مال | موم بتی | مہمان |

- **سرگرمی:** رول پلے کروائیں۔ کچھ بچے میزبان بن جائیں اور کچھ بچے مہمان۔ مہمانوں کو خوش آمدید کیسے کہا جاتاہے۔ کیسے ان کی خاطر مدارات کی جاتی ہے، رول پلے کے ذریعے بچوں کو سکھایا جائے۔ بچوں کو آداب مہمان نوازی کے بارے میں بتائیں کہ جب کوئی گھر میں آتا ہے تو اسے السلام علیکم کہتے ہیں۔ بات دھیمے اور شائستہ انداز میں کرتے ہیں۔ کسی کی بات کو درمیان میں نہیں کاٹتے۔
- حرف 'م' کی (آدھی اور پوری شکل) بصری پہچان فلیش کارڈ دکھا کر تختہ، تحریر پر کروائیں۔ لائن پر درست بناوٹ سے لکھائی کا طریقہ بتائیں۔
- ہوا، ہتھیلی، میز، ریت کی ٹرے اور درسی کتاب صفحہ نمبر 37 پر لکھائی کی مشق کروائیں۔ دی گئی تصویر میں رنگ بھروائیں۔ بچوں کو تختہ، تحریر پر بلا کر لائن پر درست بناوٹ سے لکھائی کی مشق کروائیں۔
- عملی کتاب صفحات نمبر 50-48 کروائیں۔

## صفائی کی اہمیت۔ درسی کتاب صفحہ 38 (تصویری مشاہدہ)

- **مقاصد:** خیالات کا اظہار کرنا، اجتماعی اور انفرادی طور پر سوالوں کے جواب دینا اور تبادلہ خیال کرنا۔
- بچوں سے پوچھا جائے کہ وہ کیلا کھاتے ہیں تو اس کا چھلکا کہاں پھینکتے ہیں؟ یا ٹافی، چپس کھا کے اس کے ریپر کا کیا کرتے ہیں؟ کوڑا دان کے استعمال پر زور دیتے ہوئے صفائی کی اہمیت و فوائد اور گندگی کے نقصانات سے آگاہ کیا جائے۔ درسی کتاب صفحہ نمبر 38 پر دی گئی تصویر کو غور سے دیکھیں اور بتائیں کہ ان میں کیا فرق ہے؟ جب ہم پارک جائیں یا کہیں پکنک پر جائیں تو وہاں زمین پر کچھ نہیں پھینکنا چاہیے تبادلہ خیال کریں۔

## اعادہ۔ درسی کتاب صفحہ 39

- حُروف آ۔ل کی اعادہ بذریعہ فلیش کارڈز، تصاویر اور اصل اشیا کروائیں۔ درسی کتاب صفحہ نمبر 39 پر دی گئیں تصاویر کو پہچانیں، نام بتائیں اور حُروف کی پوری اور آدھی اشکال سے ملائیں۔ عملی کتاب صفحات نمبر 47-46 کروائیں۔

## حرف 'ن'۔ درسی کتاب صفحہ 40

- **مقاصد:** حرف کی صوتی اور بصری پہچان، لکھائی اور ذخیرہ الفاظ
- حرف ن کی ویڈیو کمپیوٹر / لیپ ٹاپ / ٹیبلٹ پر دکھائیں۔

https://www.youtube.com/watch?v=2FV9liJ1OWM

- حرف 'ن' کا تعارف ناخن دکھا کر کروائیے۔ صوتی پہچان ن، ن، ناخن کروائیں۔
- بچوں کو جسمانی صفائی کے بارے میں بتائیں، روزانہ نہانے کی اہمیت کو واضح کریں اور ناک اور ناخن کی صفائی کی اہمیت اور طریقے بتائیں۔ رومال / ٹشو کے استعمال کی ترغیب دیں کہ ناک کپڑوں یا کسی اور چیز سے صاف نہ کریں۔ ناک میں بار بار انگلی ڈالنا بری عادت ہے۔
- حرف 'ن' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف بذریعہ اصل اشیا، تصاویر اور درسی کتاب صفحہ نمبر 40 کروائیں۔ درست تلفّظ کے ساتھ بلند خوانی کروائیں۔

ARMY PUBLIC SCHOOLS & COLLEGES SYSTEM
RESTRICTED
I SHALL RISE AND SHINE

| ذخیرہ الفاظ: | نان | نمک | ناریل | نل | نرم | نیک |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | نام | نماز | نقشہ | نیند | ناراض | |

- بچوں کو نَل کے پانی کے استعمال اورضیاع کے بارے میں معلومات دیں۔ بچوں کو احساس دلائیں کہ پانی ضائع نہ کریں۔
- بچوں کو بتائیں کہ ناریل، ناشپاتی دونوں صحت کے لیے بہت مفید ہیں بچوں کو پھلوں کے فوائد کے بارے میں بتائیں۔ ان سے اُن کے پسندیدہ پھل کے بارے میں پوچھیں۔
- حرف 'ن' کی (آدھی اور پوری شکل) بصری پہچان فلیش کارڈ دکھا کر تختۂ تحریر پر کروائیں۔ لائن پر درست بناوٹ سے لکھائی کا طریقہ بتائیں۔
- ہوا، ہتھیلی، میز، ریت کی ٹرے اور درسی کتاب صفحہ نمبر 40 پر لکھائی کی مشق کروائیں۔ دی گئی تصویر میں رنگ بھروائیں۔ بچوں کو تختۂ تحریر پر بلا کر لائن پر درست بناوٹ سے لکھائی کی مشق کروائیں۔
- عملی کتاب صفحات نمبر 53-51 کروائیں۔

## صحت و صفائی۔ درسی کتاب صفحہ 41

- صحت مند رہنے کے لیے ضروری اقدامات پر گفتگو کریں ۔
- جسم ماحول کی صفائی پر تبادلہ خیال کریں
- طلبہ درسی کتاب صفحہ نمبر 41 پر دی گئیں تصاویر دیکھ کر بتائیں کہ ہاتھ دھونے کی ضرورت کب پیش آتی ہے۔
- ہاتھ نہ دھونے کے کیا نقصانات ہیں ۔
- سرگرمی ؛ طلبہ درست طریقے سے ہاتھ دھونے کی مشق کریں ۔

## حرف 'و'۔ درسی کتاب صفحہ 42

- **مقاصد:** حرف کی صوتی اور بصری پہچان، لکھائی اور ذخیرہ الفاظ
- حرف 'و' کا تعارف وردی دکھا کر کروائیے۔ صوتی پہچان و، و، وردی کروائیں۔ بچوں کو بتایا جائے کہ اپنی وردی کو صاف ستھرا رکھنا چاہیے۔
- حرف 'و' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف بذریعہ اصل اشیا، تصاویر اور درسی کتاب صفحہ نمبر 42 کروائیں۔ درست تلفّظ کے ساتھ بلند خوانی کروائیں۔

| ذخیرہ الفاظ: | ورق | وردی | ورزش | والد | وقت | والدہ | وزن | وادی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|

- بچوں کو ورزش کے فوائد اور اہمیت بتائیں۔ ورزش سے جسم چست اور توانا رہتا ہے۔ صحت اچھی ہو جاتی ہے۔ تمام اعضا کی صحت بہتر ہوتی ہے۔
- بچوں کو لان میں لے جا کر ہاتھوں اور ٹانگوں کی ورزش کروائیں۔ بچوں کو ورزش کی ویڈیو بھی دکھائیں۔
- وقت کی قدر کے بارے میں بچوں کو بتائیں کہ ہر کام وقت پر کرنا کتنا ضروری ہے۔ وقت پر سونا، وقت پر جاگنا، کھانا کھانا، ورزش، پڑھائی، کھیل وغیرہ سے انسان کی زندگی اچھی ہو جاتی ہے۔ سب کام آسان ہو جاتے ہیں۔ اگر وقت ضائع کر دیا جائے

ARMY PUBLIC SCHOOLS & COLLEGES SYSTEM RESTRICTED I SHALL RISE AND SHINE

تو پھر انسان روز مرّہ کے کام مکمل نہیں کر پاتا اور پیچھے رہ جاتا ہے۔

- ہوا، ہتھیلی، میز، ریت کی ٹرے اور درسی کتاب صفحہ نمبر 42 پر لکھائی کی مشق کروائیں۔ دی گئی تصویر میں رنگ بھروائیں۔
بچوں کو تختۂ تحریر پر بلا کر لائن پر درست بناوٹ سے لکھائی کی مشق کروائیں۔
- عملی کتاب صفحات نمبر 56-54 کروائیں۔

## متوازن / صحت مند غذا۔ درسی کتاب صفحہ 43 (تبادلہ خیال)

- **مقاصد:** خیالات کا اظہار کرنا، اجتماعی اور انفرادی طور پر سوالوں کے جواب دینا اور تبادلہ خیال کرنا۔
- بچوں سے پوچھیے کہ انہوں نے ناشتہ میں کیا کھایا؟ لنچ بکس کھلوا کر بچوں سے صحت کے لیے مفید اور صحت کے لیے نقصان دہ کھانوں کے بارے میں گفتگو کریں۔
- ساتھ ہی کھانے کے آداب سکھائیں کہ ہاتھ دھو کر بسم اللہ پڑھ کر کھانا شروع کریں۔ سیدھے ہاتھ سے کھائیں۔ منھ بند کر کے کھائیں۔ نوالہ چھوٹا لیں اور چبا کر کھائیں۔ کھانے کے بعد الحمدللہ پڑھیں۔ کھانے کے بعد کلی کریں اور ہاتھ دھوئیں۔
- درسی کتاب صفحہ نمبر 43 پر دی گئیں غذا کی تصاویر پر تبادلہ خیال کریں اور صحت مند کھانوں پر ✓ کا نشان لگائیں۔
بچوں کو بتائیں کہ برگر اور چپس زیادہ کھانا صحت کے لیے نقصان دہ ہے لیکن کبھی کبھی کھائے جا سکتے ہیں۔

## حرف 'ہ'۔ درسی کتاب صفحہ 44

- **مقاصد:** حرف کی صوتی اور بصری پہچان، لکھائی اور ذخیرہ الفاظ
- حرف 'ہ' کا تعارف ایک ہاکی دکھا کر کروائیے۔ صوتی پہچان ہ، ہ، ہاکی کروائیں۔
- بچوں کو بتائیں کہ ہاکی ہمارا قومی کھیل ہے۔ کھیلوں کے فوائد پر تبادلہ خیال کرتے ہوئے اس کا تعلق صحت مند رہنے سے بتائیں۔
- حرف 'ہ' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف بذریعہ اصل اشیا، تصاویر اور درسی کتاب صفحہ نمبر 44 کروائیں۔ درست تلفّظ کے ساتھ بلند خوانی کروائیں۔
- نظم ہمٹی ڈمٹی بچوں کے ساتھ مل کر گائیے۔

| **ذخیرہ الفاظ:** | ہاتھ | ہڈی | ہار | ہاتھی | ہرا |
|---|---|---|---|---|---|
| | ہل | ہرن | ہوا | ہنسی | ہچکی |

- حرف 'ہ' کی (آدھی اور پوری شکل) بصری پہچان فلیش کارڈ دکھا کر تختۂ تحریر پر کروائیں۔ لائن پر درست بناوٹ سے لکھائی کا طریقہ بتائیں۔
- ہوا، ہتھیلی، میز، ریت کی ٹرے اور درسی کتاب صفحہ نمبر 44 پر لکھائی کی مشق کروائیں۔ دی گئی تصویر میں رنگ بھروائیں۔
بچوں کو تختۂ تحریر کے سامنے بلا کر لائن پر درست بناوٹ سے لکھائی کی مشق کروائیں۔
- عملی کتاب صفحات نمبر 59-57 کروائیں۔

## ہلکا، بھاری۔ درسی کتاب صفحہ 45 (تبادلہ خیال)

- **مقاصد:** خیالات کا اظہار کرنا، اجتماعی اور انفرادی طور پر سوالوں کے جواب دینا اور تبادلہ خیال کرنا۔
- ہلکا، بھاری کی پہچان مختلف اشیا دکھا کر اور مثالوں کے ذریعے کروائیں۔
- بچوں سے پوچھا جائے کہ جماعت میں کون سی چیزیں ہلکی ہیں اور کون سی چیزیں بھاری ہیں۔

ARMY PUBLIC SCHOOLS & COLLEGES SYSTEM
RESTRICTED
I SHALL RISE AND SHINE

- درسی کتاب صفحہ نمبر 45 پر تصویری مشاہدہ کروائیں۔ بچے ہلکی اور بھاری اشیا کی نشان دہی کریں اور بھاری اشیا میں رنگ بھریں۔

## حُروف کو الف سے جوڑنا۔ عملی کتاب صفحہ 60

- 'ک۔ ہ' حُروف کو الف سے جوڑنے کی مشق تختۂ تحریر پر کروائیں اور عملی کتاب صفحہ 60 پر لکھائی کروائیں۔

## حرف 'ء'۔ درسی کتاب صفحہ 46

- **مقاصد:** حرف کی صوتی اور بصری پہچان، لکھائی اور ذخیرہ الفاظ
- حرف 'ء' کا تعارف کروائیں اور بتائیں کہ 'ء' سے کوئی حرف شروع نہیں ہوتا۔ یہ حرف مختلف الفاظ کے درمیان میں یا آخر میں استعمال ہوتا ہے اور 'ء' کی آدھی شکل نہیں ہوتی۔
- حرف 'ء' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف بذریعہ اصل اشیا، تصاویر اور درسی کتاب صفحہ نمبر 46 کروائیں۔ درست تلفّظ کے ساتھ بلند خوانی کروائیں۔

| ذخیرہ الفاظ: | چائے | گائے | لائی | کھائی | روئی |
|---|---|---|---|---|---|

ARMY PUBLIC SCHOOLS & COLLEGES SYSTEM
RESTRICTED
SHALL RISE AND SHINE

- حرف 'ء' کی بصری پہچان فلیش کارڈ دکھا کر تختۂ تحریر پر کروائیں۔ لائن پر درست بناوٹ سے لکھائی کا طریقہ بتائیں۔
- ہوا، ہتھیلی، میز، ریت کی ٹرے اور درسی کتاب صفحہ نمبر 46 پر لکھائی کی مشق کروائیں۔ دی گئی تصویر میں رنگ بھروائیں۔ بچوں کو تختۂ تحریر کے سامنے بلا کر لائن پر درست بناوٹ سے لکھائی کی مشق کروائیں۔
- عملی کتاب صفحات نمبر 63-61 کروائیں۔

## صحت و صفائی۔ درسی کتاب صفحہ 47 (تبادلہ خیال)

- **مقاصد:** خیالات کا اظہار کرنا، اجتماعی اور انفرادی طور پر سوالوں کے جواب دینا اور تبادلہ خیال کرنا۔
- درسی کتاب صفحہ نمبر 47 پر دی گئیں تصاویر پر تبادلہ خیال کریں۔ صحت و صفائی کی اہمیت اور طریقے بتائیں۔ بچوں کو بتایا جائے کہ گندے ہاتھوں سے کھانا کھانے سے ہم بیمار ہو جاتے ہیں اور پھر ہمیں ہسپتال جانا پڑتا ہے۔
- بچوں کا دھیان چیونٹی پر دلوائیں اور پوچھیں کہ چیونٹی کیا کر رہی ہے؟ بچوں کو بتائیں کہ ہاتھ کس طرح اور کب کب دھونے چاہئیں۔

## اعادہ۔ درسی کتاب صفحہ 48

- حُروف ا۔ء کی اعادہ بذریعہ فلیش کارڈز ، تصاویر اور اصل اشیا کروائیں۔ درسی کتاب صفحہ نمبر48 پر دی گئیں تصاویر کو پہچانیں، نام بتائیں اور درست حرف پر دائرہ لگائیں۔ عملی کتاب صفحہ نمبر 64 پر حُروف ا۔ء کی لکھائی کروائیں۔

# باب ۱۲

## حُروف 'ی، ے'۔ درسی کتاب صفحہ 49

- **مقاصد:** حرف کی صوتی اور بصری پہچان، لکھائی اور ذخیرہ الفاظ
- حُروف 'ی، ے' کا تعارف یکہ کی تصویر دکھا کر کروائیں۔ صوتی پہچان ی، ے، یکہ کروائیں۔
- حُروف 'ی، ے' کے ذخیرہ الفاظ کا تعارف بذریعہ اصل اشیا، تصاویر اور درسی کتاب صفحہ نمبر 49 کروائیں۔ درست تلفّظ کے ساتھ

بلند خوانی کروائیں۔

| ذخیرہ الفاظ: | یاد | یوم | یورپ | یخ | یخنی |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- |

- بچوں کو بتائیں کہ ی جب لفظ کے درمیان میں آتا ہے تو اس کی آواز 'ای' ہوتی ہے مثلاً روٹی، گاڑی، جالی، بوری، تالے، موزے، طوطے، تارے۔
- حُروف 'ی،ے' کی (آدھی اور پوری شکل) بصری پہچان فلیش کارڈ دکھا کر تختۂ تحریر پر کروائیں۔ لائن پر درست بناوٹ سے لکھائی کا طریقہ بتائیں۔
- ہوا، ہتھیلی، میز، ریت کی ٹرے اور درسی کتاب صفحہ نمبر 49 پر لکھائی کی مشق کروائیں۔ دی گئی تصویر میں رنگ بھروائیں۔ بچوں کو تختۂ تحریر کے سامنے بلا کر لائن پر درست بناوٹ سے لکھائی کی مشق کروائیں۔
- عملی کتاب صفحات نمبر 70-65 کروائیں۔ عملی کتاب صفحہ نمبر 71 پر املا کروائیں۔

## اعادہ درسی کتاب صفحہ نمبر 52-50 (تصویری مشاہدہ)

- طلبہ ضرورت ، آوازیں اور ذخیرہ الفاظ کی اعادہ کریں اور درسی کتاب 50-52پر دیا گیا کام انفرادی طور پر کریں ۔

## اللہ کی نعمتیں۔ درسی کتاب صفحہ 53

- دنیا میں موجود اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ نعمتوں پر تبادلہ خیال کیا جائے اور درسی کتاب صفحہ 53 پر دی گئی تصویر میں رنگ بھروائیں۔

## الفاظ کی پڑھائی ۔درسی کتاب صفحہ نمبر54 (تصویری مشاہدہ)

- طلبہ تین حرفی الفاظ کی پڑھائی کریں ۔ضرورت کی شروع ،درمیانی اور آخری آوازوں پر توجہ دیں
- یکساں آوازوں والے مزید الفاظ بنائیں ۔

ARMY PUBLIC SCHOOLS & COLLEGES SYSTEM
RESTRICTED
I SHALL RISE AND SHINE